ہیم اقبال
(مجموعہ سوال و جواب)
مؤلف
فیض احمد فیاض
میزان پبلشرز سرینگر کشمیر

تفہیمِ اقبال

(مجموعہ سوال وجواب)

مؤلف

فیض احمد فیاضؔ

تکبیر پبلکیشنز
گاؤکدل سرینگر

نام کتاب	:	**تفہیمِ اقبال** (مجموعہ سوال وجواب)
مؤلف	:	فیض احمد فیاض
اشاعت	:	2010ء
تعداد صفحات	:	104
تعداد	:	1000
کمپیوٹر کتابت	:	**TFC سنٹر**، مدینہ چوک گاؤکدل سرینگر 2473818#
طباعت	:	**الحیات پرنٹوگرافرس سرینگر**
قیمت	:	Rs.200/-

تقسیم کار

TFC سنٹر

Ist Floor, Khan Complex, Madeena Chowk,
GawKadal, Srinagar (Kashmir) Ph.: 2473818

انتساب

معروف ماہر اقبال اور دانشورِ اسلام
جناب پروفیسر بشیر احمد نحوی کے نام

مسلماں کے لہو میں ہے سلیقہ دلنوازی کا
مروت حسن عالمگیر ہے مردانِ غازی کا

مشرق سے ہو بیزار، نہ مغرب سے حذر کر
فطرت کا اشارہ ہے کہ ہر شب کو سحر کر

س: علامہ اقبالؒ کے آباواجداد کا تعلق کس سرزمین سے ہے؟

ج: کشمیر سے۔

س: کشمیر کے کس گانو یا تحصیل سے؟

ج: پرگنہ اڈون ضلع کلگام۔

س: علامہ اقبال کے آباواجداد کس مذہب سے تعلق رکھتے تھے؟

ج: ہندو مذہب سے۔

س: علامہ اقبال کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج: ۹ رنومبر ۱۸۷۷ء کو شہر سیالکوٹ میں۔

س: اسلامی مہینہ کونسا تھا؟

ج: ذی قعدہ۔

س: علامہ اقبال کے دادا کا نام بتاؤ؟

ج: شیخ محمد رفیق۔

س: علامہ اقبال کے والد صاحب کا نام کیا تھا؟

ج: شیخ نور محمد۔

س: شیخ نور محمد کو شیخ نتھو کیوں کہا جاتا تھا؟

ج: ناک چھیدنے کی وجہ سے۔

س: علامہ اقبال نے اپنی تعلیم کی ابتداء کس اُستاد سے کی تھی؟

ج: مولانا غلام حسن صاحب سے۔

س: باضابطہ طور کس اُستاد سے فارسی اور عربی سیکھی؟

ج: مولانا سید میر حسن صاحب سے۔

س: شیخ نور محمد کے کل کتنے بیٹے تھے؟

ج: چار۔

س: علامہ اقبال کے بڑے بھائی کا نام بتائیے؟

ج: شیخ عطا محمد۔

س: علامہ اقبال کی کل کتنی بہنیں تھیں اور ان کا نام بتاؤ؟

ج: چار: فاطمہ، طالع، کریم اور زینب۔

س: شیخ نور محمد صوفیا کے کس سلسلہ سے منسلک تھے؟

ج: سلسلۂ قادریہ سے۔

س: علامہ اقبال کی پہلی بیوی کا کیا نام تھا؟

ج: کریم بی بی۔

س: علامہ اقبال کی دوسری بیوی کا نام بتاؤ؟

ج: سردار بیگم۔

س: سردار بیگم سے علامہ اقبال کے کتنے بچے ہوئے اور ان کا نام بھی بتاؤ؟

ج: دو۔ جاوید اقبال اور منیرہ بانو۔

س: علامہ اقبال کی تیسری بیوی کا نام کیا تھا؟

ج: مختار بیگم۔

س: علامہ اقبال کے خطبات کو مرتب کر کے کس عنوان سے چھاپا گیا؟

ج: "Reconstruction of Religious thought in Islam" عنوان سے۔

س: اس کتاب کا ترجمہ کس عنوان سے کیا گیا؟

ج: "تشکیلِ جدید الٰہیاتِ اسلامیہ" کے عنوان سے۔

س: یہ ترجمہ کس نے کیا ہے؟

ج: سید نذیر نیازی نے۔

س: اس کتاب میں علامہ اقبال کے کل کتنے خطبے ہیں؟

ج: سات۔

س: "اٹھو مری دنیا کے غریبوں کو جگا دو
کاخِ امرا کے در و دیوار ہلا دو
یہ شعر علامہ اقبال کی کونسی نظم میں ہے؟

ج: نظم "لینن خدا کے حضور میں" میں۔

س: حضرتِ امیر خسرو کا ذکر علامہ اقبال کی کن تصانیف میں ملتا ہے؟

ج: بال جبرئیل اور ارمغان حجاز میں۔

س: "صحبت صالحین: فکرِ اقبال کی روشنی میں" کے مصنف کا نام بتاؤ؟

ج: فیض احمد فیاضؔ

س: اس کتاب کا مقدمہ کشمیر کے کس مشہور عالمِ دین نے لکھا ہے؟

ج: حضرت مولانا مفتی نذیر احمد قاسمی صاحب نے۔

س: علامہ اقبال نے ڈاکٹر آف فلاسفی کی ڈگری کے لیے جو مقالہ لکھا، اُس کا اُردو نام بتایئے؟

ج: فلسفۂ عجم۔

س: علامہ اقبال نے کس پروفیسر کی رہنمائی میں پی۔ ایچ۔ ڈی کا مقالہ لکھا؟

ج: پروفیسر میک ٹیگرٹ کی رہنمائی میں۔

س: علامہ اقبال کے صرف تین یورپی اساتذہ کا نام بتایئے؟
ج: پروفیسر میک ٹیگرٹ، پروفیسر نکلسن، پروفیسر اے۔جی براون۔
س: اقبال کی پہلی شادی کس شہر میں ہوئی؟
ج: گجرات میں۔
س: اقبال کی اس بیوی سے کتنے بچے ہوئے اور ان کا نام بھی بتاؤ؟
ج: دو۔ایک لڑکا اور ایک لڑکی۔لڑکے کا نام آفتاب اقبال اور لڑکی کا نام معراج بیگم ہے۔
س: علامہ اقبال نے کل کتنی شادیاں کیں؟
ج: تین شادیاں۔
س: علامہ اقبال نے کس سنہ میں پہلی بار یورپ کا سفر کیا؟
ج: ۱۹۰۵ء میں۔
س: علامہ اقبال نے کس سنہ میں پی۔ایچ۔ڈی کی ڈگری حاصل کی۔
ج: ۱۹۰۸ء میں۔
س: علامہ اقبال نے کس یونیورسٹی سے پی۔ایچ۔ڈی کی ڈگری حاصل کی؟
ج: میونخ یونیورسٹی سے۔
س: علامہ اقبال کو سر کا خطاب کس ملک نے دیا؟
ج: برطانیہ نے۔
س: علامہ اقبال نے کشمیر کا سفر کتنی بار کیا؟
ج: صرف ایک بار۔
س: علامہ اقبال نے کس یونیورسٹی سے بی۔اے پاس کیا؟

ج: پنجاب یونیورسٹی سے۔

س: علامہ اقبال نے اپنی والدہ کی وفات پر جو مرثیہ لکھا ہے اُس کا نام کیا ہے؟

ج: والدۂ مرحومہ کی یاد میں۔

س: یہ مرثیہ علامہ اقبال کی کونسی کتاب میں درج ہے؟

ج: بانگ درا میں۔

س: علامہ اقبال کا کونسا اُردو شعری مجموعہ پہلے شائع ہوا؟

ج: بانگ درا۔

س: علامہ اقبال کی سب سے پہلی کتاب کا نام بتایئے؟

ج: علم الاقتصاد۔

س: اقبال کی والدہ اقبال کو کس نام سے پکارا کرتی تھی؟

ج: "بالی" کے نام سے۔

س: علامہ اقبال نے کس شخص کو پیغمبر بے جبریل کہا ہے؟

ج: کارل مارکس کو۔

س: علامہ اقبال کے شعری مجموعوں کے کسی ایک مشہور شارح کا نام بتاؤ؟

ج: پروفیسر یوسف سلیم چشتی۔

س: علامہ اقبال کی والدہ کی قبر کے کتبہ پر درج تاریخ وفات کس شاعر کی لکھی ہوئی ہے؟

ج: اکبر الہ آبادی کی۔

س: تاریخ وفات کے قطعہ کے اشعار کیا ہیں؟

ج: مادرِ مخدومۂ اقبال رفت سوئے جنت زیں جہانِ بے ثبات
گفت اکبر بادل پُر درد و غم خلتِ مخدوم تاریخ وفات ۱۳۳۳ھ

س: شاعری میں اقبال کے استاد کون تھے؟

ج: مرزا داغ دہلوی۔

س: علامہ اقبال نے ایرانِ صغیر کس جگہ کو کہا ہے؟

ج: کشمیر کو۔

س: علامہ اقبال کا وہ شعر بتائیے جس میں لفظ "ایرانِ صغیر" استعمال ہوا ہو؟

ج: آج وہ کشمیر ہے مجبور و محکوم و اسیر
کل جسے اہل نظر کہتے تھے ایرانِ صغیر

س: اقبال کی نظم "پہاڑ اور گلہری" کس انگریزی شاعر کی نظم سے ماخوذ ہے؟

ج: ایمرسن کی نظم سے۔

س: علامہ اقبال نے بلبل شیراز کس شاعر کو کہا ہے؟

ج: شیخ سعدی شیرازی کو۔

س: علامہ اقبال نے کس مضمون میں ایم۔اے کیا تھا؟

ج: فلسفہ (Philosphy) میں۔

س: علامہ اقبال کی اُس نظم کا نام بتاؤ جو انہوں نے نظام الدین اولیاء کے مزار پر پڑھی؟

ج: التجائے مسافر۔

س: اقبال کا وہ شعر بتائیے جس پر مرزا ارشد گورگانی نے داد دی تھی؟

ج: ؎ موتی سمجھ کے شانِ کریمی نے چن لیے
قطرے جو تھے مرے عرقِ انفعال کے

س: علامہ اقبال نے یورپ کے دوران انگریزی کے علاوہ کون سی دوسری زبان پر عبور حاصل کیا؟

ج: جرمن زبان میں۔

س: ''گردن نہ جھکی جس کی جہانگیر کے آگے'' اس مصرعہ میں اقبال کا اشارہ کس بزرگ کی طرف ہے؟

ج: مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی کی طرف۔

س: اقبال کا ایسا کوئی بھی شعر بتایئے جس میں لفظ ''خودی'' استعمال ہوا ہو؟

ج: خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے
خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے

س: اقبال کا دوسرا اُردو شعری مجموعے کا نام بتاؤ؟

ج: بالِ جبریل۔

س: علامہ اقبال نے اپنے والد کی وفات پر جو قطعہ تاریخ لکھا تھا اُس کے اشعار بتایئے؟

ج: پدر و مرشدِ اقبال ازیں عالم رفت
ماہمہ راہرواں منزل ما ملکِ ابد
ہاتف از حضرت حق خواست روتاریخ رحیل
آمد آواز ''اثر رحمت'' ۱۳۴۹ آغوشِ لحد

س: آلہ آباد یونیورسٹی سے علامہ اقبال کو ڈی لٹ کی اعزازی ڈگری کب ملی تھی؟

ج: ۱۹۳۷ء میں۔

س: پنجاب یونیورسٹی سے علامہ اقبال کو ڈی لٹ کی اعزازی ڈگری کب ملی تھی؟

ج: ۱۹۳۵ء سے۔

س: علامہ اقبال کو انگلستان کس اُستاد کی کشش کھینچ کر لے گئی تھی؟

ج: پروفیسر آرنلڈ کی کشش۔

س: علامہ اقبال نے اپنی کونسی کتاب کا انتساب پروفیسر آرنلڈ کے نام کیا تھا؟

ج: فلسفۂ الٰہیات کا ارتقاء ایران میں۔

س: قیام انگلستان کے دوران علامہ اقبال کی کس خاتون سے دوستی رہی؟

ج: عطیہ فیضی سے۔

س: عطیہ فیضی نے کس عنوان سے علامہ اقبال پر کتاب لکھی ہے۔

ج: ''اقبال'' نام کے عنوان سے۔

س: ہندوستان کا وہ کون سا بادشاہ تھا جسے علامہ اقبال نے ''خدنگ آخریں'' کہا ہے؟

ج: مغل بادشاہ اورنگ زیب۔

س: ''رومی فنا ہوا حبشی کو دوام ہے'' اس مصرعہ میں رومی اور حبشی سے کون مراد ہیں؟

ج: رومی سے مراد سکندر اعظم ہے اور حبشی سے مراد حضرت بلالؓ ہیں۔

س: علامہ نے ''خواجہ اہل فراق'' کس کو کہا ہے؟

ج: ابلیس کو۔

س: اگر ہوتا وہ مجذوب فرنگی اس زمانے میں
تو اقبال اس کو سمجھاتا، مقام کبریا کیا ہے
اس شعر میں اقبال نے ''مجذوب فرنگی'' کس کو کہا ہے؟

ج: جرمن فلاسفر نیٹشے کو۔

س: اقبال کے محبوب پرندے کا نام بتاؤ؟

ج: شاہین۔

س: علامہ اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں لفظ ''شاہین'' استعمال ہوا ہو؟

ج: نہیں تیرا نشیمن قصرِ سلطانی کے گنبد پر
تو شاہین ہے بسیرا کر پہاڑوں کی چٹانوں میں

س: ''پھول کی پتی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر'' اس کا دوسرا مصرعہ بتاؤ؟

ج: مردِ ناداں پر کلامِ نرم و نازک بے اثر

س: ''شکواہ'' اور ''جوابِ شکوہ'' اقبال کی دو مشہور نظمیں ہیں۔ یہ کس ہیت میں لکھی گئیں ہیں؟

ج: مسدس ہیت میں۔

س: ''ضربِ کلیم'' اقبال کا اُردو شعری مجموعہ ہے اس کی پہلی نظم کونسی ہے؟

ج: ''صبح''

س: ''بالِ جبریل'' کی آخری نظم کون سی ہے؟

ج: چیونٹی اور عقاب۔

س: علامہ اقبال نے ''پیامِ مشرق'' کی مشہور نظم ''ساقی نامہ'' کہاں لکھی تھی؟

ج: سرینگر کے نشاط باغ میں۔

س: علامہ اقبال جب کشمیر وارد ہوئے تو اُن کا قیام کس شہر میں رہا؟

ج: سرینگر میں۔

س: علامہ اقبال جب کشمیر وارد ہوئے تو اُن کے ساتھ اور کون حضرات تھے؟

ج: منشی طاہر دین اور وکیل مولوی احمد دین۔

س: علامہ اقبال نے کشمیر کے کس مشہور فارسی شاعر پر نظم لکھی ہے؟

ج: غنی کشمیری پر۔

س: غنی کشمیری پر اُن کی نظم اُن کے کس شعری مجموعہ میں درج ہے؟

ج: پیامِ مشرق میں۔

س: کشمیر کے حوالے سے زیادہ اشعار اُن کے کس مجموعہ میں ملتے ہیں؟
ج: ارمغان حجاز میں۔
س: ارمغانِ حجاز کے کس باب میں کشمیریوں کے دکھ درد کا ذکر ملتا ہے؟
ج: ''ملازادہ ضیغم لولابی کا بیاض'' کے باب میں۔
س: علامہ اقبال کے انگریزی خطبات کا مشہور اُردو ترجمہ کس نے کیا؟
ج: سید نذیر نیازی نے۔
س: کشمیر کے مسئلہ کے بارے میں علامہ اقبال کی تقریروں اور بیانات پر مبنی مجموعہ کا کیا نام ہے؟
ج: حرفِ اقبال۔
س: علامہ اقبال کی پہلی مکمل غزل کس ماہنامہ میں شائع ہوئی تھی؟
ج: ماہنامہ ''زبان'' دہلی میں۔
س: یہ غزل کس مہینہ اور کس سال میں شائع ہوئی؟
ج: نومبر ۱۸۹۳ء میں۔
س: ''چراغ مصطفوی سے شرار بولہبی'' کا پہلا مصرعہ بتاؤ؟
ج: ستیزہ کار رہا ہے ازل سے تا امروز۔
س: علامہ اقبال کس مشہور شخصیت کی دعوت پر افغانستان تشریف لے گئے؟
ج: نادر شاہ کی دعوت پر۔
س: اس دعوت پر اقبال کے ساتھ اور کون دو شخصیات تھے؟
ج: سر راس مسعود اور مولانا سید سلیمان ندوی۔
س: علامہ اقبال کی وہ کون سی تصنیف ہے جو اُن کی وفات کے بعد شائع ہوئی؟
ج: ارمغانِ حجاز۔

س: مثنوی اسرارِ خودی کا انگریزی ترجمہ کس نے کیا ہے؟

ج: پروفیسر نکلسن نے۔

س: پیامِ مشرق کا پہلا ایڈیشن کب شائع ہوا؟

ج: ۱۹۲۳ء میں۔

س: مثنوی رموزِ بے خودی کس سنہ میں شایع ہوئی؟

ج: ۱۹۱۸ء میں۔

س: "بانگِ درا" کی پہلی نظم کا نام بتاؤ؟

ج: ہمالہ

س: اُن دو صحابیوں کا نام بتاؤ جن پر علامہ اقبال نے نظمیں لکھیں ہیں؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت بلالؓ۔

س: بانگِ درا میں سرسید احمد خان پر ایک نظم درج ہے اس نظم کا عنوان بتایئے؟

ج: سید کی لوحِ تربت

س: اسرارِ خودی کا دیباچہ کس نے لکھا؟

ج: خود علامہ اقبال نے۔

س: پیامِ مشرق کا دیباچہ کس نے لکھا؟

ج: خود علامہ اقبال نے۔

س: علامہ اقبال کو سر کا خطاب کس تاریخ اور سن میں ملا؟

ج: یکم جنوری ۱۹۲۳ء کو۔

س: علامہ اقبال کس شخصیت کی دعوت پر لیکچر دینے کے لیے مدراس گئے؟

ج: مسلم ایسوسی ایشن کے بانی سیٹھ محمد جمال کی دعوت پر۔

س: مسجد قرطبہ والی نظم علامہ اقبال کے کس مجموعہ کلام میں ہے؟

ج: بالِ جبریل میں۔

س: علامہ اقبال نے کس شعر میں ''زبورِ عجم'' کو پڑھنے کی تاکید کی ہے؟

ج: ؎ اگر ہو شوق تو خلوت میں پڑھ زبورِ عجم

فغانِ نیم شبی بے نوائے راز نہیں

س: مثنوی اسرارِ خودی کا عربی ترجمہ کس نے کیا ہے؟

ج: عبدالوہاب عظام نے۔

س: علامہ اقبال نے کس شعر میں داغ کا شاگرد ہونے پر فخر کیا ہے؟

ج: ؎ نسیم و تشنہ ہیں اقبال کچھ اس پر نہیں نازاں

مجھے بھی فخر ہے شاگردیٔ داغِ سخن داں کا

س: علامہ اقبال نے اپنی مشہور نظم ''نالہ یتیم'' کہاں اور کب پڑھی تھی؟

ج: انجمن حمایت الاسلام کے سالانہ جلسے ۱۸۹۹ء میں۔

س: یہ نظم علامہ اقبال نے کس کی فرمائش پر لکھی تھی؟

ج: منشی محمد دین فوق کی فرمائش پر۔

س: اُردو شعری مجموعہ ''بانگِ درا'' میں ایک فارسی نظم بھی ہے اُس کا نام بتاؤ؟

ج: شمع اور شاعر

س: بانگِ درا کا دیباچہ کس نے لکھا ہے؟

ج: سر عبدالقادر نے۔

س: اقبال کا زیادہ تر کلام کس زبان میں ہے؟

ج: اُردو زبان میں۔

س: کس رسالے نے سب سے پہلے اقبال نمبر شائع کیا؟

ج: میاں فضل حسین کے متعلق۔

س: علامہ اقبال نے اپنے کلام میں ''عندلیب باغ حجاز'' کس کو کہا ہے؟

ج: خود کو۔

س: ''تشکیلِ جدید الٰہیات اسلامیہ'' میں کل کتنے خطبے ہیں؟

ج: سات۔

س: اس کتاب کے کسی ایک خطبے کا نام بتاؤ؟

ج: الاجتہاد فی الاسلام۔

س: ''اقبال کے روپ میں غالب نے دوبارہ جنم لیا ہے'' یہ کس کے الفاظ ہیں؟

ج: پروفیسر شیخ عبدالقادر کے۔

س: علامہ اقبال نے کل کتنی ڈی لٹ کی اعزازی ڈگریاں حاصل کیں؟

ج: پانچ۔

س: اقبال کے فلسفۂ خودی پر کس فارسی شاعر کے اثرات زیادہ نظر آتے ہیں؟

ج: مولانا روم کے۔

س: اقبال کو سب سے زیادہ کونسا پھل پسند تھا؟

ج: آم۔

س: ہندوستان میں کس یونیورسٹی نے پہلی بار ''اقبال چیر'' (Iqbal Chair) قائم کیا؟

ج: کلکتہ یونیورسٹی نے۔

س: ''نطق کو سو ناز ہے تیرے لبِ اعجاز پر'' علامہ اقبال نے یہ مصرعہ کس کے متعلق کہا ہے؟

ج: غالبؔ کے متعلق۔

س: علامہ اقبال نے "بلالؓ" کے عنوان سے ایک نظم لکھی ہے۔ یہ نظم اُن کے کس مجموعہ میں شامل ہے؟

ج: بانگ درا میں۔

س: علامہ اقبال نے جاوید نامہ میں آسمانوں کی سیر کے دوران کس کو اپنا رہبر بنایا ہے؟

ج: مولانا روم کو۔

س: جاوید نامہ کا دیباچہ نثر میں ہے یا شعر میں؟

ج: شعر میں۔

س: جاوید نامہ کا دیباچہ کل کتنے اشعار پر مشتمل ہے؟

ج: دو اشعار پر۔

س: جاوید نامہ پہلی دفعہ کب شائع ہوئی؟

ج: ۱۹۳۲ء میں۔

س: "بے خطر کود پڑا آتشِ نمرود میں عشق" اس کا دوسرا مصرعہ بتاؤ؟

ج: عقل ہے محوِ تماشائے لبِ بام ابھی۔

س: "شمعِ بارگاہِ خاندانِ مصطفوی" سے علامہ کی مراد کس بزرگ ہستی سے ہے؟

ج: اپنے اُستاد۔ حضرت مولانا میر حسن صاحب سے۔

س: "شاعرِ افغان شناس" سے اقبال کی مراد کس شاعر سے ہے؟

ج: پستو کے مشہور شاعر خوشحال خاں خٹک سے۔

س: علامہ اقبال نے خواجہ نظام الدین اولیاء کے مزار پر ایک نظم پڑھی تھی اس کا عنوان بتایئے؟

ج: التجائے مسافر۔

س: علامہ اقبال نے اپنی مثنوی ''مسافر'' کب لکھی؟
ج: سفرِ افغانستان کے دوران۔
س: ''علم الاقتصاد'' کب پہلی دفعہ شائع ہوئی؟
ج: ۱۹۰۳ء میں۔
س: یہ کتاب کس زبان میں لکھی گئی ہے۔
ج: اُردو زبان میں۔
س: اس کتاب کا دیباچہ کس نے تحریر کیا ہے؟
ج: خود علامہ اقبال نے۔
س: علامہ اقبال نے شاہین کے ذریعے لوگوں کو کس چیز کا درس دیا ہے؟
ج: جہد و عمل کا۔
س: علامہ اقبال کا مزار کس شہر میں ہے؟
ج: لاہور میں۔
س: اقبال کا کونسا مجموعہ آدھا فارسی اور آدھا اُردو میں ہے؟
ج: ارمغان حجاز۔
س: اقبال کس یونیورسٹی میں چھ مہینے تک عربی کے پروفیسر رہے؟
ج: لندن یونیورسٹی میں۔
س: بانگ درا کی کس نظم کو عبدالقادر نے بانگ درا کا دل کہا ہے؟
ج: ''شمع و شاعر'' نظم کو۔
س: ''خضرِ راہ'' ایک مفکر شاعر کا عہد نامۂ جدید ہے یہ کس نے کہا ہے؟
ج: پروفیسر آل احمد سرور نے۔
س: فارسی زبان میں علامہ اقبال کی پہلی تصنیف کونسی ہے؟

ج: اسرارِ خودی۔

س: اقبال نے کس فارسی شاعر کو اپنا رہبر مانا ہے۔

ج: مولانا روم کو۔

س: اقبال کے ابتدائی کلام پر کس کے اثرات نظر آتے ہیں؟

ج: داغ دہلوی کے اثرات۔

س: "اقبال کامل" کے مصنف کا نام بتاؤ؟

ج: عبدالسلام ندوی۔

س: علامہ اقبال نے بچوں کے لیے جو نظمیں لکھیں ہیں اُن میں صرف تین کا نام بتاؤ؟

ج: ایک گائے اور بکری۔ ایک پہاڑ اور گلہری۔ ہمدردی۔

س: نظم "ہمدردی" کس انگریزی شاعر کے کلام سے ماخوذ ہے؟

ج: ولیم کاؤپر کے کلام سے۔

س: نظم "ہمدردی" کا آخری شعر بتاؤ؟

ج: ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے
آتے ہیں جو کام دوسروں کے

س: "ایک آرزو" بانگ درا کی مشہور نظم ہے اس کا پہلا شعر بتاؤ؟

ج: دنیا کی محفلوں سے اُکتا گیا ہو یارب
کیا لطف انجمن کا جب دل ہی بجھ گیا ہو

س: "علم الاقتصاد" میں علامہ اقبال نے اُم الخبائث کس چیز کو کہا ہے؟

ج: غربت کو۔

س: کیا "علم الاقتصاد" علم معاشیات پر اُردو میں لکھی جانے والی پہلی

ج: رسالہ ''نیرنگ خیال'' لاہور نے۔

س: علامہ اقبال کا یوم وفات بتایئے؟

ج: جمعرات۔

س: اقبال کی نظم ''چانداورتارے'' کس مجموعہ کلام میں ہے؟

ج: بانگ درا میں۔

س: اس نظم میں اقبال نے کونسا فلسفہ بیان کیا ہے؟

ج: زندگی حرکت وعمل پر موقوف ہے اور سکون زندگی کے لیے موت ہے۔

س: بانگ درا کل کتنے حصوں پر مشتمل ہے؟

ج: تین حصوں پر۔

س: بال جبریل کا پہلے علامہ اقبال نے کیا نام رکھا تھا؟

ج: نشان منزل۔

س: علامہ اقبال نے پہلے ضرب کلیم کا کیا نام رکھا تھا؟

ج: صوراسرافیل۔

س: بال جبریل کا پہلا ایڈیشن کب شائع ہوا؟

ج: ۱۹۳۵ء میں۔

س: بانگ درا میں کس سن تک کا کلام درج ہے؟

ج: ۱۹۰۸ء تک کا کلام۔

س: حضورؐ پر علامہ اقبال کی کسی ایک نظم کا نام بتاؤ؟

ج: حضورؐ رسالت مآب۔

س: محمود شبستری کا ذکر علامہ اقبال کی کس کتاب میں ہے؟

ج: جاوید نامہ میں۔

س: علامہ اقبال نے دانائے تبریز کس کو کہا ہے؟

ج: محمود شبستری کو۔

س: علامہ اقبال نے "مریدِ ہندی" کس کے لیے استعمال کیا ہے؟

ج: اپنے لیے۔

س: اسرار خودی کا اُردو ترجمہ کس نے کیا؟

ج: جسٹس۔ ایس۔ اے رحمان نے۔

س: یہ ترجمہ انہوں نے کس نام سے کیا ہے؟

ج: ترجمانِ اسرار کے نام سے۔

س: "اقبال پیغمبر اسلام کے سچے اور مخلص پیروکار تھے" یہ الفاظ کس سیاست داں کے ہیں؟

ج: قائداعظم علی محمد جناح کے الفاظ۔

س: علامہ اقبال نے "حکیم معاش" کس شخص کو کہا ہے؟

ج: کارل مارکس کو۔

س: اقبال نے "خجستہ پا" کس بزرگ کے لیے استعمال کیا ہے؟

ج: حضرت خضر علیہ السلام کے لیے۔

س: "جہاں پیما" کس بزرگ کے لیے استعمال کیا ہے؟

ج: حضرت خضر علیہ السلام کے لیے۔

س: علامہ اقبال کے اردو شعری مجموعوں کا نام بتاؤ؟

ج: بانگِ درا، بالِ جبریل، ضربِ کلیم، ارمغانِ حجاز۔

س: علامہ اقبال کے فارسی شعری مجموعوں کا نام بتاؤ؟

ج: اسرارِ خودی، رموزِ بے خودی، ارمغان حجاز، پیامِ مشرق، زبورِ عجم، جاوید

نامہ، پس چہ باید کرد۔

س: پیامِ مشرق کے کل کتنے حصے ہیں؟

ج: پانچ حصے۔

س: پیامِ مشرق کے پہلے حصے میں کس صنف کا کلام شامل ہے؟

ج: صنفِ رباعیات کا۔

س: علامہ اقبال کی کونسی نظم پر انہیں ملاؤں کی طرف سے تنقید کا نشانہ بننا پڑا؟

ج: ''شکوہ'' نظم پر۔

س: اقبال کی نظم ''عشق اور موت'' کس شاعر کے خیال سے ماخوذ ہے؟

ج: ٹینی سن کے خیال سے۔

س: اقبال کو کس بزرگ ہستی نے اپنا روحانی بیٹا کہا تھا؟

ج: شمس العلما مولانا میر حسن صاحب نے۔

س: اقبال کا یومِ پیدائش بتائیے؟

ج: جمعہ۔

س: اقبال سب سے زیادہ کس مشہور فارسی شاعر اور صوفی سے متاثر تھے؟

ج: مولانا روم سے۔

س: ''وہ ہندوستان کی آبرو، مشرق کی عزت اور اسلام کا فخر تھا'' علامہ اقبال نے کس بزرگ ہستی کی وفات پر یہ کلمات کہے تھے؟

ج: سید سلیمان ندوی کی وفات پر۔

س: اقبال نے ''دستِ دولت آفریں'' کس کو کہا ہے؟

ج: مزدور کو۔

س: پیامِ مشرق کا انتساب کس کے نام ہے؟

ج: امان اللہ خان کے نام (والیٔ افغانستان)

س: پیامِ مشرق میں علامہ اقبال نے جن مغربی مفکروں اور فلسفیوں پر اظہار خیال کیا ہے اُن میں صرف تین کے نام بتاؤ؟

ج: نٹشے، ٹالسٹائی، گوئٹے۔

س: رموزِ بے خودی کا کن زبانوں میں ترجمہ ہوا ہے؟ صرف پانچ کا نام بتاؤ؟

ج: اُردو، پشتو، عربی، انگریزی، بنگالی۔

س: پیامِ مشرق کا اُردو زبان میں ترجمہ کس نے کیا؟

ج: شیر علی خاں سرخوش نے۔

س: ''زبورِ عجم'' کس زبان میں ہے؟

ج: اُردو زبان میں۔

س: زبورِ عجم نثر میں ہے یا شاعری میں؟

ج: شاعری میں۔

س: زبورِ عجم کتنے حصوں پر مشتمل ہے؟

ج: چار حصوں پر۔

س: زبورِ عجم کے آخری دو حصوں کا نام بتاؤ؟

ج: گلشنِ رازِ جدید۔ بندگی نامہ۔

س: اقبال نے کس کے فلسفہ کو فلسفۂ گوسفندی کہا ہے؟

ج: افلاطون کے فلسفہ کو۔

س: ''زمستانی ہوا میں گرچہ تھی شمشیر کی تیزی'' اس کا دوسرا مصرعہ بتاؤ؟

ج: نہ چھوٹے مجھ سے لندن میں بھی آدابِ سحر گاہی

س: اقبال نے نظم ''فلسفۂ غم'' کس شخص کے متعلق لکھی ہے؟

س: علامہ اقبال فارسی کے کن شعراء سے متاثر تھے؟

ج: مولانا روم، شیخ سعدی، بیدل وغیرہ۔

س: علامہ اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جو مغربی تہذیب کی رد میں لکھا گیا ہو؟

ج: یہ تہذیب خود اپنے خنجر سے خودکشی کرے گی

جو شاخِ نازک پہ آشیانہ ہوگا ناپائیدار ہوگا

س: علامہ اقبال نے کن دو مشہور زبانوں میں شعر کہے ہیں؟

ج: اُردو اور فارسی زبان میں۔

س: مبتلائے درد کوئی عضو ہو روتی ہے آنکھ

کس قدر یہ ہمدرد جسم کی ہوتی ہے آنکھ

اقبال کے اس شعر میں ''آنکھ'' سے کون مراد ہے؟

ج: شاعر۔

س: بالِ جبریل کی کونسی نظم انگریزی زبان میں ترجمہ ہوئی ہے؟

ج: قید خانہ میں معتمد کی یاد۔

س: شہادت ہے مطلوب و مقصودِ مومن

نہ مالِ غنیمت نہ کشور کشائی

یہ شعر اقبال کی کس نظم کا ہے؟

ج: ''طارق کی دعا'' نظم کا۔

س: نظم ''طارق کی دعا'' اقبال کے کس مجموعہ میں ہے؟

ج: بالِ جبریل میں۔

س: جعفر اور صادق دو بڑے غدار گذرے ہیں ان کے متعلق علامہ اقبال کا کوئی ایک شعر سنا دیجئے؟

ج: جعفر از بنگال و صادق از دکن
ننگِ آدم، ننگِ دیں، ننگِ وطن

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر سنا دیجئے جس میں لفظ "احترام آدمی" استعمال کیا گیا ہو؟

ج: آدمیت، احترامِ آدمی با خبر شو از مقام آدمی

س: علامہ اقبال کی والدۂ محترمہ کو کس نام سے پکارا جاتا تھا؟

ج. "بے جی" کے نام سے۔

س: اقبال پر فسطائیت کے الزام کس نے لگایا تھا؟

ج: اختر حسین رائے پوری نے۔

س: علامہ اقبال کی زندگی میں آپ کی کون سی آخری کتاب شائع ہوئی تھی؟

ج: مثنوی "پس چہ باید کرد"۔

س: جب قائداعظم علی محمد جناح نے علامہ اقبال کے ساتھ ملاقات کی تو علامہ اقبال نے کونسا مشہور جملہ اُن کو کہا؟

ج: "میں آپ کے مشن کی کامیابی کے لیے اپنے لہو کا آخرہ قطرہ نچوڑ دوں گا"۔

س: ڈاکٹر ابولیث صدیقی نے اقبال کے حوالے سے تصوف پر ایک کتاب لکھی ہے۔اس کا نام بتاؤ؟

ج: اقبال اور مسلکِ تصوف۔

س: "دل سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے" کا دوسرا مصرعہ بتاؤ؟

ج: پر نہیں طاقت پرواز مگر رکھتی ہے۔

س: علامہ اقبال نے کشمیر کے "نشاط باغ" میں کون سی نظم لکھی ہے؟

ج: ساقی نامہ۔

س: "انوارِ اقبال" کے مصنف کا نام بتاؤ؟

ج: بشیر احمد ڈار۔

س: "آدم گریِ اقبال" کے مصنف کا نام بتاؤ؟

ج: پروفیسر مرغوب بانہالی۔

س: علامہ اقبال نے اپنے کس دوست کی بیٹی کا نام "نادرہ" رکھا تھا؟

ج: سر راس مسعود کی بیٹی کا نام۔

س: بانگ درا کی آخری نظم کا نام بتاؤ؟

ج: طلوعِ اسلام۔

س: اقبال نے کن شعراء کے اشعار پر تضمین لکھیں ہیں صرف پانچ کے نام بتاؤ؟

ج: ابو طالب، کلیم، انیسی، شاہلو اور صائب۔

س: بانگ درا کا آخری شعر کونسا ہے؟

ج: اقبال بڑا اپدیشک ہے من باتوں میں موہ لیتا ہے
گفتار کا غازی تو بنا، کردار کا غازی بن نہ سکا

س: "شب معراج" نظم اقبال کے کس مجموعہ کلام میں ہے؟

ج: بانگ درا میں۔

س: نظم "چاند اور تارے" میں اقبال نے کس چیز کا درس دیا ہے؟

ج: حرکت و عمل کا درس۔

س: نظم "شمع اور شاعر" کل کتنے بندوں پر مشتمل ہے؟

ج: گیارہ بندوں پر۔

س: اقبال کا کوئی ایسا بتاؤ شعر جس میں لفظ ''آتشِ نمرود'' استعمال کیا گیا ہو؟

ج: بے خطر کود پڑا آتشِ نمرود میں عشق
عقل ہے محوِ تماشائے لبِ بام ابھی

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر جس میں لفظ ''خرد'' استعمال کیا گیا ہو؟

ج: خرد کے پاس خبر کے سوا کچھ بھی نہیں
ترا علاج نظر کے سوا کچھ بھی نہیں

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتائے جس میں انہوں نے شعر کے اصل مقام کو واضح کیا ہو؟

ج: شعر را مقصود گر آدم گری است
شاعری ہم وارثِ پیغمبری است

س: جنوری 2006ء میں پروفیسر اکبر حیدری کی علامہ اقبال پر معروف کتاب شائع ہوگئی۔ اس کتاب کا نام بتاؤ؟

ج: ''اقبالیات کے نئے گوشے''

س: ''اقبال'' کے عنوان سے عطیہ بیگم نے انگریزی میں ایک کتاب لکھی ہے اس کے اُردو مترجم کا نام بتاؤ؟

ج: ضیاء الدین احمد برنی۔

س: ''طرابلس کے شہیدوں کا ہے لہو اس میں'' کا پہلا مصرعہ بتاؤ؟

ج: جھلکتی ہے تیری امت کی آبرو اس میں

س: علامہ اقبال نے کتنی مدت کے بعد مسجد قرطبہ میں اذان کہی؟

ج: سات سو سال بعد۔

کتاب ہے؟

ج: جی ہاں۔

س: علامہ اقبال نے جن اُردو شعرائے کرام پر نظمیں لکھیں اُن میں صرف دو کا نام بتایئے؟

ج: غالبؔ اور داغؔ دہلوی۔

س: علامہ اقبال نے جن فارسی شعرائے کرام پر نظمیں لکھیں اُن میں صرف دو کا نام بتایئے؟

ج: حافظؔ اور غنیؔ کاشمیری۔

س: علامہ اقبال نے جن انگریزی شعرائے کرام پر نظمیں لکھیں اُن میں صرف دو کا نام بتایئے؟

ج: شیکسپیئر اور آرنلڈ

س: اقبال کا وہ شعر بتایئے جس میں لفظ ''رزق'' دو دفعہ استعمال ہوا ہو؟

ج: اے طائر لاہوتی اُس رزق سے موت اچھی
جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی

س: کشمیر کے بارے میں اقبال کا زیادہ کلام کس مجموعہ میں ہے؟

ج: ''ارمغانِ حجاز'' میں۔

س: کشمیر کے چند ماہرین اقبال کا نام بتاؤ؟

ج: پروفیسر بشیر احمد نحوی، ڈاکٹر مشتاق احمد، ڈاکٹر سکینہ فاضل۔

س: مشرقی مفکرین میں سے علامہ اقبال جن سے بہت زیادہ متاثر ہوئے اُن میں کسی ایک کا نام بتاؤ؟

ج: مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندیؒ۔

س: علامہ اقبال کے کسی ایک دوست کا نام بتاؤ؟

ج: سر راس مسعود۔

س: علامہ اقبال کی خط و کتابت جن لوگوں کے ساتھ تھی اُن میں صرف تین کے نام بتاؤ؟

ج: سید سلیمان ندویؒ، عبدالماجد دریا آبادیؒ، قائدِ اعظم علی محمد جناح۔

س: علامہ اقبال کی شاعری میں زیادہ تر کن مغربی فلسفیوں کا ذکر ملتا ہے؟

ج: ارسطو، افلاطون، برگساں، نطشے، گوئٹے، کانٹ، ہیگل وغیرہ۔

س: اقبال کا کون سا مجموعہ فارسی میں بھی ہے اور اردو میں بھی؟

ج: ارمغانِ حجاز۔

س: اقبال کا مردِ کامل کس کے فوق البشر (Superman) سے مشابہت رکھتا ہے؟

ج: نطشے۔

س: اقبال کس یونیورسٹی میں چھ مہینے تک عربی کے پروفیسر رہے؟

ج: لندن یونیورسٹی میں۔

س: اقبال کے کس مجموعہ کو "گلِ سر سبد" کہا جاتا ہے؟

ج: بالِ جبریل کو۔

س: بانگِ درا کی کس نظم کو عبدالقادر نے "بانگِ درا کا دل" کہا ہے؟

ج: شمع و شاعر نظم کو۔

س: مختار بیگم کو کونسا جانور پالنے کا شوق تھا؟

ج: بلیاں

س: علامہ اقبال کو کونسے پرندے پالنے کا شوق تھا؟

ج: کبوتر۔

س: علامہ اقبال کی مشہور نظم ''مسجد قرطبہ'' کا آخری شعر بتاؤ؟

ج: نقش ہیں سب ناتمام خونِ جگر کے بغیر
نغمہ ہے سودائے خام خونِ جگر کے بغیر

س: اسی مشہور نظم کا پہلا شعر بتاؤ؟

ج: سلسلۂ روز و شب نقش گر حادثات
سلسلۂ روز و شب اصل حیات و ممات

س: علامہ اقبال کو ''ملک الشعراء'' کا خطاب کس نے دیا؟

ج: مولانا شبلی نعمانی نے۔

س: علامہ اقبال کو ''امام العصر'' کا خطاب کس نے دیا؟

ج: مولانا عبدالماجد دریابادی نے۔

س: ''مرشدِ سیاسی'' کا خطاب علامہ اقبال کو کس نے دیا؟

ج: مولانا علی محمد جوہر نے۔

س: ''حکیم الامت'' کا خطاب علامہ اقبال کو کس نے دیا؟

ج: خواجہ حسن نظامی نے۔

س: ''ترجمان حقیقت'' کا خطاب علامہ اقبال کو کس نے دیا؟

ج: آل انڈیا محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس نے۔

س: ''حسان الہند'' کا خطاب علامہ اقبال کو کس نے دیا؟

ج: مولانا آزاد بلگرامی نے۔

س: ''مجدد عصر'' کا خطاب انہیں کس نے دیا؟

ج: مولانا غلام قادر گرامی نے۔

س: علامہ اقبال نے کن مشہور اسلامی شخصیات کے مزار پر حاضریاں دیں ہیں؟
ج: امام شافعی، خواجہ نظام الدین اولیاء، مولانا علی محمد جوہر، حکیم سنائی۔ حضرت مجدد الف ثانی، بوعلی قلندر، الطاف حسین حالی وغیرہ۔
س: علامہ اقبال نے دورانِ سفر افغانستان کن دو صحابہؓ کے مزارات پر حاضری دی؟
ج: حضرت تمیمؓ اور حضرت جبیرؓ کے مزارات پر۔
س: علامہ اقبال بیرونی ممالک کے سفر کے دوران کن کن جگہوں پر گئے؟
ج: پیرس، اٹلی، اسکندریہ، قاہرہ، فلسطین، اسپین، افغانستان وغیرہ۔
س: علامہ اقبال نے مسجدِ قرطبہ میں بیٹھ کر کونسی دو مشہور نظمیں لکھیں؟
ج: مسجد قرطبہ اور دعا۔
س: اقبال نے دانتے کی ڈیوائن کامیڈی (Devine Comedy) کے طرز پر کون سی کتاب لکھی؟
ج: جاوید نامہ۔
س: قیامِ افغانستان کے دوران علامہ اقبال نے کس مغل بادشاہ کے مزار پر حاضری دی؟
ج: ظہیر الدین بابر کے مزار پر۔
س: علامہ اقبال مغرب کے کن شعراء سے متاثر تھے؟
ج: گوئٹے، کیٹس، شیکسپیئر، دانتے واڑ روتھ وغیرہ۔
س: ''اقبال کا تصورِ دین'' کس کی تصنیف ہے؟
ج: پروفیسر شفیق الرحمان ہاشمی کی۔
س: ''اقبال کے حضور'' کا مصنف کون ہے؟
ج: سید نذیر نیازی۔

س: علامہ اقبال کا کسی ایک شخصی مرثیہ کا نام بتاؤ؟

ج: ''والدۂ مرحومہ کی یاد میں''

س: آسمان تیری لحد پر شبنم افشانی کرے
سبزۂ نورستہ اس گھر کی نگہبانی کرے

اس شعر میں لفظ ''تیری'' سے کون مراد ہے؟

ج: علامہ اقبال کی والدۂ محترمہ۔

س: ''زندہ رود'' کا مصنف کون ہے؟

ج: علامہ اقبال کے فرزند جاوید اقبال۔

س: زندہ رود کا موضوع کیا ہے؟

ج: حیاتِ اقبال۔

س: ''اقبال ایک سیاستدان'' کا مصنف کون ہے؟

ج: محمد صدیق قریشی۔

س: ''حافظ اور اقبال'' کے مصنف کا نام بتاؤ؟

ج: یوسف حسین خان۔

س: ''اقبال۔ شاعر اور فلسفی'' کس کی تصنیف ہے؟

ج: وقار عظیم کی۔

س: علامہ اقبال نے فارسی کے کس مشہور شاعر کو اپنا مرشد مانا ہے؟

ج: مولانا روم کو۔

س: علامہ اقبال نے اپنے فرزند کو کس فارسی شاعر کو رہنما بنانے کا مشورہ دیا ہے؟

ج: مولانا روم کو۔

س: علامہ اقبال کی مشہور نظم ''ساقی نامہ'' کس ہیئت میں ہے؟

ج: مسدس ہیت میں۔

س: نظم ''جبریل وابلیس'' اقبال کے کس شعری مجموعہ میں ہے؟

ج: بالِ جبریل میں۔

س: ''علامہ اقبال شیکسپیئر اور ٹیگور سے کئی ہزار فٹ اونچا نظر آتا ہے''
یہ کس کے الفاظ ہیں؟

ج: خواجہ حسن نظامی کے۔

س: ''اے طائر لاہوتی اُس رزق سے موت اچھی'' کا دوسرا مصرعہ بتاؤ؟

ج: جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی۔

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں لفظ ''ضربِ کلیم'' استعمال ہوا ہو؟

ج: ہزار چشمہ ترے سنگِ راہ سے پھوٹے
خودی میں ڈوب کے ضربِ کلیم پیدا کر

س: علامہ اقبال نے ''مجذوبِ فرنگی'' کس کو کہا ہے؟

ج: نیٹشے کو۔

س: علامہ اقبال اپنے اشعار کی اصلاح کس شاعر سے کرواتے تھے؟

ج: مرزا داغ دہلوی سے۔

س: ''پیرِ مغرب'' سے اقبال کی مراد کون ہستی ہے؟

ج: گوئٹے۔

س: کوئی ایسا شعر جس میں لفظ ''کافر'' استعمال ہوا ہو؟

ج: کافر کی یہ پہچان کہ آفاق میں گم ہے
مومن کی یہ پہچان کہ گم اس میں ہے آفاق

س: اقبال کو الطاف حسین حالی کا کونسا شعر سب سے زیادہ پسند تھا؟

ج: ؎ وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والے
مرادیں غریبوں کی برلانے والے

س: "رموزِ بے خودی" کن زبانوں میں ترجمہ ہوئی ہے صرف چار کے نام بتاؤ؟

ج: عربی، بنگالی، اُردو اور ترکی زبانوں میں۔

س: رموزِ بے خودی کا اُردو ترجمہ کس نے کیا؟

ج: خورشید علی مہر جے پوری نے۔

س: رموزِ بے خودی کا عربی ترجمہ کس نے کیا؟

ج: ڈاکٹر عبدالوہاب عذام نے۔

س: رموز خودی کا بنگالی ترجمہ کس نے کیا؟

ج: احمد دین احمد نے۔

س: پیام مشرق میں علامہ اقبال نے کن مغربی مفکروں اور فلسفیوں پر اظہار خیال کیا ہے؟

ج: برگساں، نیٹشے، ہیگل، ٹالسٹائی وغیرہ۔

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر جس میں انہوں نے عورت کو اونچا درجہ دیا ہو؟

ج: وجودِ زن سے ہے تصویرِ کائنات میں رنگ
اسی کے ساز سے ہے زندگی کا سوزِ دروں

س: اُردو کے کس مشہور شاعر کو "اقبال سمان" انعام سے نوازا گیا؟

ج: مجروح سلطانپوری کو۔

س: ارمغان حجاز کی آخری نظم کا عنوان کیا ہے؟

ج: حضرت انسان۔

س: ارمغان حجاز کی پہلی نظم کون سی ہے؟

ج: ابلیس کی مجلس شوریٰ۔

س: ارمغان حجاز میں کس مشہور عالم پر نظم لکھی گئی ہے؟

ج: حسین احمد مدنیؒ پر۔

س: ارمغان حجاز کس زبان میں لکھی گئی ہے؟

ج: اُردو اور فارسی دونوں زبانوں میں۔

س: علامہ اقبال نے منصور حلاج کا ذکر بطور خاص کس کتاب میں کیا ہے؟

ج: جاوید نامہ میں۔

س: علامہ اقبال منصور حلاج کی کونسی کتاب سے متاثر تھے؟

ج: کتاب الطواسین سے۔

س: علامہ اقبال صوفیائے کرام میں کن اعلیٰ شخصیات کے معترف ہیں۔ صرف تین کے نام بتاؤ؟

ج: بایزید بسطامیؒ، حضرت جنید بغدادیؒ، حضرت داتا گنج بخشؒ۔

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر جس میں لفظ ''فقر'' استعمال ہوا ہو؟

ج: ؎ چڑھتی ہے جب فقر کی سان پر تیغِ خودی
ایک سپاہی کی ضرب کرتی ہے کارِ سپاہ

س: اقبال کا وہ شعر بتایئے جس میں انہوں نے فقر کو اسلام کا نام دیا ہے؟

ج: ؎ لفظ ''اسلام'' سے یورپ کو اگر کد ہے تو خیر
دوسرا نام اسی دین کا ہے فقیرِ غیور

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر جس میں انہوں نے ذکر و فکر کو فقرِ قرآن کا نام دیا ہے؟

ج: ۔ جذ بقرآن ضیغمی روباہی است
فقرِ قرآن اصل شہنشاہیں است
فقرِ قرآن اختلاط ذکر و فکر
فکر را کامل ندیدم جذبہ ذکر

س: علامہ اقبال کے تصور فقر کی بنیاد کیا ہے؟
ج: قرآن مجید۔

س: علامہ اقبال نے خاتون عجم کس کو کہا ہے؟
ج: قرۃالعین طاہرہ کو۔

س: علامہ اقبال نے اپنی نظم ''خضرراہ'' کے ایک شعر میں قرآن مجید کے تین واقعات کا ذکر کیا ہے وہ شعر بتایئے؟

ج: کشتیِ مسکین، جانِ پاک، دیوار یتیم
علم موسیٰ بھی ہے تیرے سامنے حیرت فروش

س: علامہ اقبال کا کوئی ایسا شعر بتایئے جس میں داغ دہلوی کا ذکر ہو

ج: وہ گُل رنگیں ترا، رخصت مثالِ بُو ہوا
آہ خالی داغ سے، کاشانۂ اُردو ہوا

س: علامہ اقبال نے ''پیر سنجر'' کس بزرگ کے لیے استعمال کیا ہے؟
ج: خواجہ معین الدین چشتیؒ کے لیے۔

س: دہلی کی مسجد قوت الاسلام پر علامہ اقبال نے جو نظم لکھی وہ ان کے کس مجموعہ کلام میں ہے؟
ج: ضرب کلیم میں۔

س: ''ایں عجوزہ عروس ہزار داماداست'' اقبال نے یہ مصرعہ کس شہر کے متعلق کہا ہے؟

ج: دہلی کے متعلق۔

س: اقبال نے ''دولت غرناطہ'' کس کو کہا ہے؟

ج: اسپین کی اسلامی حکومت کو۔

س: علامہ اقبال نے ملا عرش کے ایک شعر پر تضمین کی ہے یہ نظم بانگ درا میں ہے۔اس نظم کا عنوان بتایئے؟

ج: تعلیم اوراس کے نتائج۔

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتائے جس میں لفظ ''گھوڑے'' استعمال ہوا ہو؟

ج: دشت تو دشت ہیں دریا بھی نہ چھوڑے ہم نے
بحرِ ظلمات میں دوڑا دیے گھوڑے ہم نے

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر جس میں لفظ ''سحر خیزی'' استعمال ہوا ہے؟

ج: زمستانی ہوا میں گرچہ تھی شمشیر کی تیزی
نہ چھوٹے مجھ سے لندن میں بھی آدابِ سحر خیزی

س: فاطمہ! تو آبروئے ملت مرحوم ہے
ذرہ ذرہ تیری مشتِ خاک کا معصوم ہے
اقبال کے اس شعر میں ''فاطمہ'' سے کون مراد ہے؟

ج: فاطمہ بنت عبداللہ جو جنگ طرابلس میں مجاہدین کو پانی پلاتے ہوئے شہید ہوگئی تھی۔

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں لفظ ''غلامی'' استعمال ہوا ہو؟

ج: غلامی میں نہ کام آتی ہیں شمشیریں نہ تدبیریں
جو ہو ذوق یقیں پیدا تو کٹ جاتی ہیں زنجیریں

س: علامہ اقبال نے غالب پر ''مرزا غالب'' کے عنوان سے ایک نظم لکھی

ہے؟ یہ نظم اُن کے کس مجموعہ میں شامل ہے؟

ج: بانگ درا میں۔

س: نطق کو سو ناز ہیں تیرے لبِ اعجاز پر
محوِ حیرت ہے ثریا، رفعتِ پرواز پر
اس شعر میں لفظ ''تیرے'' سے کون مراد ہے؟

ج: مرزا غالب۔

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر جس میں گوئٹے اور غالب کا ذکر ایک ساتھ آیا ہو؟

ج: آہ تو اُجڑی ہوئی دلی میں آرامید ہے
گلشنِ ویمر میں ترا ہمنوا خوابید ہے

س: علامہ اقبال نے کتنے ''ساقی نامہ'' لکھے؟

ج: دو ایک فارسی میں اور ایک اردو میں۔

س: علامہ اقبال نے فارسی ساقی نامہ کہاں لکھا؟

ج: سرینگر کے نشاط باغ میں۔

س: اقبال کا اُردو ساقی نامہ کتنے بندوں پر مشتمل ہے؟

ج: سات بندوں پر۔

س: اقبال کا اُردو ساقی نامہ کل کتنے اشعار پر مشتمل ہے؟

ج: ننانوے اشعار پر۔

س: اقبال کے اُردو ساقی نامہ کا پہلا شعر کیا ہے؟

ج: ہوا خیمہ زن کاروانِ بہار
ارم بن گیا دامنِ کوہسار

س: اقبال کے اُردو ساقی نامہ کا آخری شعر کیا ہے؟

ج: اگر یک سر موئے برتر پرم
فروغ تجلی بسوزد پرم

س: علامہ اقبال کے فارسی ساقی نامہ کے کل کتنے اشعار ہیں؟

ج: بیس۔

س: اقبال کے اُردو ساقی نامہ کا کوئی ایک مشہور شعر بتایئے؟

ج: بجھی عشق کی آگ، اندھیر ہے
مسلماں نہیں راکھ کا ڈھیر ہے

س: نظم ''ذوق وشوق'' اقبال کی مشہور نظم ہے اس کی ابتداء کس شعر سے ہوتی ہے؟

ج: دریغ آدم زاں ہمہ بوستاں
تہی دست رفتن سوئے دوستاں

س: یہ شعر کس کا ہے؟

ج: یہ شعر شیخ سعدی کا ہے؟

س: نظم ذوق وشوق کا کوئی مشہور شعر بتاؤ؟

ج: صدقِ خلیل بھی ہے عشق، صبر حسین بھی ہے عشق
معرکۂ وجود میں بدر وحنین بھی ہے عشق

س: نظم ''مسجد قرطبہ'' کا وہ شعر بتایئے جس میں تصورِ فنا کا بیان ہو؟

ج: اول و آخر فنا، باطن و ظاہر فنا
نقشِ کہن ہو کہ نو، منزلِ آخر فنا

س: مسجد قرطبہ کا کوئی مشہور شعر بتاؤ؟

ج: نقش ہیں سب ناتمام خونِ جگر کے بغیر
نغمہ ہے سودائے خام خونِ جگر کے بغیر

س: حیدرآباد دکن میں علامہ اقبال نے کس مغل بادشاہ کے مقبرے کی زیارت کی تھی؟

ج: اورنگ زیب عالمگیر کے مقبرے کی۔

س: علامہ اقبال نے کس نظم میں اپنے دوست مہاراجہ سرکشن پرشاد کی تعریف کی ہے؟

ج: نظم ''نمودِ صبح'' میں۔

س: میسور میں اپنے قیام کے دوران علامہ اقبال نے کس مجاہد کے مزار کی زیارت کی تھی؟

ج: ٹیپو سلطان کے مزار کی۔

س: ٹیپو سلطان کے بارے میں علامہ اقبال نے کیا کہا ہے؟

ج: ٹیپو سلطان ہندوستان کے ''آخری سپاہی'' تھے۔

س: علامہ اقبال نے انجمن حمایت الاسلام کے کس سالانہ جلسے میں اپنی آخری نظم پڑھی؟

ج: ۱۲/اپریل ۱۹۳۶ء کے سالانہ اجلاس میں۔

س: اس نظم کا عنوان کیا تھا؟

ج: نغمۂ سرمدی۔

س: علامہ اقبال کے فیملی ڈاکٹر کون تھے؟

ج: ڈاکٹر جمعیت سنگھ۔

س: ۱۹۳۶ء کو اُن کی کونسی دو کتابیں شائع ہوئیں؟

ج: ضربِ کلیم اور پس چہ باید کرد اے اقوامِ مشرق۔

س: کتاب ''روزگارِ فقیر'' کس کی تصنیف ہے؟

ج: فقیر وحید الدین کی۔

س: ''فکرِ اقبال'' کس کی تصنیف ہے؟

ج: خلیفہ عبدالحکیم کی۔

س: مے لالہ فام اور زندہ رود کس شخص کی مشہور دو کتابیں ہیں؟

ج: ڈاکٹر جاوید اقبال کی۔

س: کشمیر یونیورسٹی میں ''شعبہ اقبالیات'' کب قائم کیا گیا؟

ج: ۱۹۷۷ء میں۔

س: کشمیر یونیورسٹی میں شعبۂ اقبالیات کے پہلے ڈائریکٹر کا نام بتاؤ؟

ج: پروفیسر آل احمد سرور۔

س: کشمیر یونیورسٹی میں شعبۂ اقبالیات کے موجودہ ڈائریکٹر کا نام بتاؤ؟

ج: پروفیسر بشیر احمد نحوی۔

س: جرمنی کے کس شہر میں علامہ اقبال کا مجسمہ نصیب کیا گیا؟

ج: میونخ میں۔

س: یہ مجسمہ کب نصب کیا گیا تھا؟

ج: اپریل ۱۹۴۸ء کو۔

س: حکومت پاکستان نے یومِ اقبال کی سرکاری چھٹی کا کونسا دن مقرر کیا ہے؟

ج: ۲۱/اپریل۔

س: پہلا یوم اقبال کب منایا گیا؟

ج: ۶/مارچ ۱۹۳۲ء کو۔

س: دوسرا یوم اقبال کب منایا گیا؟

ج: ۹ر جنوری ۱۹۳۸ء کو۔

س: پاکستان کے کس شہر کو "شہرِ اقبال" کا نام دیا گیا؟

ج: سیالکوٹ کو۔

س: سیالکوٹ کے کون سے بازار کو "اقبال اسٹریٹ" کا نام دیا گیا؟

ج: بازار چوڑی گراں کو۔

س: "اقبال اور محبت رسول" کس مصنف کی کتاب ہے؟

ج: ڈاکٹر محمد طاہر فاروقی کی۔

س: مولانا ابوالحسن علی ندویؒ نے کس عنوان سے علامہ اقبال پر کتاب لکھی؟

ج: "روائع اقبال" کے عنوان سے۔

س: روائع اقبال کس زبان میں لکھی گئی ہے؟

ج: عربی زبان میں۔

س: روائع اقبال کا اُردو ترجمہ کس عنوان سے کیا گیا؟

ج: نقوش اقبال کے عنوان سے۔

س: نقوش اقبال کا مقدمہ کس نے لکھا ہے؟

ج: پروفیسر رشید احمد صدیقی نے۔

س: روائع اقبال کا اُردو ترجمہ نقوش اقبال کے عنوان سے کس نے کیا ہے؟

ج: مولوی شمس تبریز خان نے۔

س: نقوش اقبال پہلی دفعہ کب شائع ہوئی؟

ج: ۱۹۸۵ء میں۔

س: "اقبال نقش ہائے رنگ رنگ" کس کی تصنیف ہے؟

ج: ڈاکٹر تسکینہ فاضل کی۔

س: اس کتاب میں کل کتنے مضامین ہیں؟

ج: سترہ۔

س: ''اقبال کی جمالیات'' کس مشہور ادیب و نقاد کی تصنیف ہے؟

ج: پروفیسر قدوس جاوید کی۔

س: ''اقبال کی تخلیق'' کس مشہور ادیب و نقاد کی تصنیف ہے؟

ج: پروفیسر قدوس جاوید کی۔

س: موت سے چند لمحے پہلے علامہ اقبال کی زبان سے کون سے اشعار ادا ہوئے؟

ج: سرور رفتہ باز آید کہ ناید
نسیمے از حجاز آید کہ ناید
سرمد روز گار ایں فقیرے
وگر دانائے راز آید کہ ناید

س: موت سے ایک دن قبل کس غیر ملکی دوست نے اقبال سے ملاقات کا شرف حاصل کیا؟

ج: بیرن فان فلیٹ (یہ میونخ یونیورسٹی میں اقبال کا کلاس فلورہ چکا تھا)

س: ''اب ہماری تمہاری دوستی ختم ہونے والی ہے'' یہ الفاظ اقبال نے کس سے کہے تھے؟

ج: اپنے ملازم علی بخش سے۔

س: علامہ اقبال کی پہلی نماز جنازہ کہاں پڑھی گئی تھی؟

ج: اسلامیہ کالج کے میدان میں۔

س: ''علامہ اقبال کی وفات سے قوم کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے'' یہ

الفاظ کس نے کہے؟

ج: چوہدری رحمت علی نے۔

س: اُن (اقبال) کی شخصیت میں تصور پسندی، عملیت اور حقیقت پسندی، انتھک محنت اور عمل پیہم کی روح رچی ہوئی تھی" یہ الفاظ اقبال کی وفات پر کس نے کہے تھے؟

ج: قایدِ اعظم علی محمد جناح نے۔

س: حفیظ جالندھری نے علامہ اقبال کی وفات پر ایک شعر کہا تھا۔ وہ شعر بتایئے؟

ج: یہ دعا تھی کہ میری عمر بھی لگ جائے
یہ تمنا تھی کہ آئے تیری آئی مجھ کو

س: "آپ کی وفات سے ہندوستان ہی کو نہیں پورے مشرق کو نقصان پہنچا ہے" یہ الفاظ کس کے ہیں؟

ج: مولانا ابوالکلام آزاد کے۔

س: یہ غازی یہ تیرے پُراسرار بندے
جنہیں تو نے بخشا ہے ذوقِ خدائی
یہ شعر علامہ اقبال کی کونسی نظم کا ہے؟

ج: "طارق کی دعا" نظم کا۔

س: علامہ اقبال نے اپنے اُستاد پروفیسر آرنلڈ کی وفات پر کونسی نظم لکھی تھی؟

ج: نالۂ فراق۔

س: فلسطین کے سفر کے دوران علامہ اقبال نے کونسی نظم لکھی تھی؟

ج: ذوق وشوق۔

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں حضورؐ کے معراج کا ذکر ہو؟

ج: سبق ملا ہے یہ معراجِ مصطفےٰؐ سے مجھے
کہ عالمِ بشریت کی زد میں ہے گردوں

س: ''اقبال سمان'' الفام ہندوستان کی کونسی ریاست دیتی ہے؟

ج: مدھیہ پردیش۔

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں قرآن کو اپنا رہبر بنانے کا پیغام دیا گیا ہو؟

ج: قرآن میں ہو غوطہ زن اے مردِ مسلمان
اللہ کرے تجھ کو عطا جدتِ کردار

س: ''اقبال سب کے لیے'' کس کی تصنیف ہے؟

ج: ڈاکٹر فرمان فتح پوری کی۔

س: علامہ اقبال سے متعلق مقالات کا جو موضوعاتی اشاریہ عبداللہ خاور نے ترتیب دیا ہے۔اس کا نام بتاؤ؟

ج: مفتاحِ اقبال۔

س: مفتاحِ اقبال کس ادارہ سے شائع ہوئی ہے؟

ج: اقبال انسٹی ٹیوٹ کشمیر یونیورسٹی سرینگر سے۔

س: ''اقبال۔ایک تذکرہ'' کس مشہور شاعر کی تصنیف ہے؟

ج: حکیم منظور کی۔

س: ''دانشورِ اقبال'' کس مشہور ماہرِ اقبال کی تصنیف ہے؟

ج: پروفیسر آل احمد سرور کی۔

س: ''اقبال۔مجددِ عصر'' کس کی تصنیف ہے؟
ج: ڈاکٹر سہیل بخاری کی۔
س: ''اقبال کا تصورِ دین'' کس کی تصنیف ہے؟
ج: پروفیسر شفیق الرحمن ہاشمی کی۔
س: اس کتاب کے ناشر کون ہیں؟
ج: اسلامک بک فاؤنڈیشن نئی دہلی۔
س: ''اقبال اور انسان دوستی'' کس کی تصنیف ہے؟
ج: طالب حسین سیال کی۔
س: ''اقبالیات'' کس ادارے کا سالانہ جریدہ ہے؟
ج: اقبال انسٹی ٹیوٹ کشمیر یونیورسٹی کا۔
س: ''اقبال۔ایک مطالعہ'' کس مشہور نقاد کی تصنیف ہے؟
ج: کلیم الدین احمد کی۔
س: ''روحِ اقبال'' کس مشہور ماہر اقبال کی تصنیف ہے؟
ج: ڈاکٹر یوسف حسین خان کی۔
س: ''ذکرِ اقبال'' کس مشہور ماہر اقبال کی تصنیف ہے؟
ج: عبدالمجید سالک کی۔
س: علامہ اقبال کشمیر کے کس مشہور عالم دین سے بہت متاثر تھے؟
ج: حضرت مولانا انور شاہ کشمیریؒ سے۔
س: جموں کے کسی ایک مشہور ماہر اقبال کا نام بتاؤ؟
ج: جگن ناتھ آزاد۔
س: ''اقبال اور مغربی مفکرین'' کس مشہور ماہر اقبال کی تصنیف ہے؟

ج: جگن ناتھ آزاد کی۔

س: پروفیسر بشیر احمد نحوی کی تین اقبالیاتی تصانیف کا نام بتاؤ؟

ج: ۱) اقبال۔ افکار و احوال ۲) مسائل تصوف اور اقبال

۳) نحاتِ اقبال

س: ڈاکٹر مشتاق احمد کے تین اقبالیاتی تصانیف کا نام بتاؤ؟

ج: ۱) نظریۂ اجتہاد اور اقبال ۲) اقبال عشق رسول کے آئینے میں

۳) تشکیلِ جدید الٰہیات اسلامیہ کے مسلم اعلام۔

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر جس میں لفظ ''ڈل'' استعمال ہوا ہو؟

ج: ہمالہ کے چشمے اُبلتے ہیں کب تک

خضر سوچتا ہے ڈل کے کنارے

س: علامہ اقبال نے کس پرندے کے مطلق لکھا ہے کہ ''یہ خوددار ہے، غیرت مند ہے، کسی کا مارا ہوا شکار نہیں کھاتا، آشیاں نہیں بناتا، بلند پرواز ہے، تیز نگاہ ہے''

ج: شاہین کے متعلق۔

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں لفظ ''نماز'' استعمال ہوا ہو؟

ج: یہی ہے مری نماز، ہے یہی میرا وضو

میری نواؤں میں ہے میرے جگر کا لہو

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں لفظ ''ضرب کلیم'' استعمال ہوا ہو؟

ج: ہزار چشمہ ترے سنگ راہ سے پھوٹے

خودی میں ڈوب کر ضربِ کلیم پیدا کر

س: علامہ اقبال نے کافر اور مومن کی پہچان پر ایک شعر لکھا ہے وہ بتاؤ؟

ج: کافر کی یہ پہچان کی آفاق میں گم ہے
مومن کی یہ پہچان کہ گم اس میں ہیں آفاق

س: ''پیرعجم'' سے اقبال کی مراد کون شخصیت ہیں؟

ج: مولانا جلال الدین رومیؒ

س: پیر مغرب سے علامہ اقبال کی مراد کون شخصیت ہیں؟

ج: جرمن کے شاعر گوئٹے۔

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں لفظ ''مذہب'' استعمال کیا گیا ہو؟

ج: قوم مذہب سے ہے، مذہب جو نہیں تم بھی نہیں
جذبِ باہم جو نہیں، محفل انجم بھی نہیں

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں لفظ ''جمہوریت'' استعمال ہوا ہو؟

ج: جمہوریت اک طرزِ حکومت ہے کہ جس میں
بندوں کو گنا جاتا ہے تولا نہیں جاتا

س: ''اقبال کی تلاش'' کس ادیب کی تصنیف ہے؟

ج: اسلوب احمد انصاری کی۔

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں انہوں نے جوانوں کے لیے دعائیں کی ہیں؟

ج: جوانوں کو سوز جگر بخش دے
مرا عشق میری نظر بخش دے
خرد کو غلامی سے آزاد کر
جوانوں کو پیروں کا اُستاد کر

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں لفظ ''شمشیر'' استعمال ہوا ہو؟

ج: اس قوم کو شمشیر کی حاجت نہیں رہتی
ہو جس کے جوانوں کو خودی صورتِ فولاد

س: عظمت انسان پر اقبال کا کوئی اردو شعر سناؤ؟

ج: عروجِ آدمِ خاکی سے انجم سہمے جاتے ہیں
کہ یہ ٹوٹا ہوا تارا مہ کامل نہ بن جائے

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں لفظ ''عمل'' استعمال ہوا ہو؟

ج: عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی اور جہنم بھی
یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے

س: اقبال نے ''دانائے طوس'' کس کو کہا ہے؟

ج: شاہنامہ کے مصنف فردوسی کو۔

س: اقبال کا وہ شعر بتاؤ جس میں لفظ ''کھیت'' استعمال ہوا ہو؟

ج: جس کھیت سے دہقان کو میسر نہ ہو روزی
اس کھیت کے ہر خوشۂ گندم کو جلا دو

س: ''دیارِ پیرِ سنجر'' سے اقبال کی مراد کیا ہے؟

ج: اجمیر شریف۔ جہاں خواجہ معین الدین چشتیؒ کا مزار ہے۔

س: اقبال نے ''دیوِ بے زنجیر'' کس کو کہا ہے؟

ج: یورپ کی تہذیب کو۔

س: اقبال کا وہ شعر بتایئے جس میں لفظ ''دیو استبداد'' استعمال ہوا ہو؟

ج: دیو استبداد جمہوری قبا میں پائے کوب
تو سمجھتا ہے کہ آزادی کی ہے نیلم پری

س: ''کون دریا کے تھپیڑے کھا رہا ہے میں کہ تو''
اس مصرعہ میں ''میں'' اور ''تو'' سے کون مراد ہیں؟

ج: ''میں'' سے ابلیس اور ''تو'' سے حضرتِ جبریل مراد ہیں۔

س: ''پلٹنا، جھپٹنا، جھپٹ کر پلٹنا'' علامہ اقبال نے اس مصرعہ میں کس کی خوبیاں بیان کی ہیں؟

ج: شاہین کی۔

س: علامہ اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس کے ایک مصرعہ میں لفظ ''صوفی'' اور دوسرے مصرعہ میں ''ملا'' استعمال ہوا ہو؟

ج: صوفی کی طریقت میں فقط مستیٔ احوال
ملا کی شریعت میں فقط مستیٔ گفتار

س: علامہ اقبال نے مسلمان بننے کے لیے کونسی چار چیزیں ضروری بتائی ہیں؟

ج: قہاری، غفاری، قدوسی اور جبروتی۔

س: علامہ اقبال کے اس تصور کا شعر بھی بتاؤ؟

ج: قہاری و غفاری و قدوسی و جبروت
یہ چار عناصر ہوں تو بنتا ہے مسلمان

س: یہ راز کسی کو نہیں معلوم کہ مومن
قاری نظر آتا ہے حقیقت میں ہے قرآن
یہ شعر علامہ اقبال کی کس نظم کا ہے؟

ج: ''مردِ مسلمان'' نظم کا۔

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں لفظ ''تقدیر'' استعمال ہوا ہو؟

ج: تقدیر کے پابند ہیں نباتات و جمادات
مومن فقط احکامِ الٰہی کا ہے پابند

س: علامہ اقبال کی نظم ''قم باذن اللہ'' اُن کے کس شعری مجموعہ میں شامل ہے؟

ج: ضربِ کلیم میں۔

س: ''زندگی کچھ اور شے ہے علم ہے کچھ اور شے'' اس کا دوسرا مصرعہ بتاؤ؟

ج: ''زندگی سوزِ جگر ہے علم ہے سوزِ دماغ''

س: علامہ اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں لفظ ''مدرسہ'' استعمال ہوا ہو؟

ج: مدرسہ عقل کو آزاد تو کرتا ہے مگر
چھوڑ جاتا ہے خیالات کو بے ربط و نظام

س: علامہ اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں انہوں نے فرنگیوں کے نظامِ تعلیم پر تنقید کی ہو؟

ج: اور یہ اہلِ کلیسا کا نظامِ تعلیم
ایک سازش ہے فقط دین و مروت کے خلاف

س: علامہ اقبال نے ''دربارِ شہنشی'' سے بہتر کس جگہ کو بتایا ہے؟

ج: مردانِ خدا کے آستانے کو۔

س: مکالماتِ فلاطون نہ لکھ سکی لیکن
اسی کے شعلے سے ٹوٹا شرارِ افلاطون
اس شعر میں ''اسی'' سے کون مراد ہے؟

ج: عورت۔

س: علامہ اقبال نے ''نسوانیتِ زن کا نگہبان'' کس کو بتایا ہے؟

ج: مردکو۔

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں انہوں نے لفظ ''افسانہ نویس'' استعمال کیا ہو؟

ج: ہند کے شاعر و صورت گر و افسانہ نویس
آہ بیچاروں کے اعصاب پہ عورت ہے سوار

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں لفظ ''یقین'' استعمال ہوا ہو؟

ج: یقیں محکم، عمل پیہم، محبت فاتح عالم
جہادِ زندگانی میں ہیں یہ مردوں کی شمشیریں

س: ''آسماں تیری لحد پر شبنم افشانی کرے''
اس مصرعہ میں ''تیری'' سے کون مراد ہے؟

ج: علامہ اقبال کی والدہ محترمہ۔

س: علامہ اقبال کی والدہ کی قبر کے کتبے پر کس مشہور شاعر کا شعر کندہ ہے؟

ج: اکبرالہ آبادی کا شعر۔

س: یورپ میں قیام کے دوران علامہ اقبال نے کن دو جرمن استانیوں سے فلسفہ پڑھا؟

ج: ویگے ناست اور پروفیسر شل دین۔

س: صبح سویرے اقبال کا کیا معمول تھا؟

ج: قرآن شریف کی تلاوت کرنے کا معمول۔

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں لفظ ''ہنر'' استعمال ہوا ہو؟

ج: بے معجزہ دنیا میں ابھرتی نہیں قومیں
جو ضربِ کلیمی نہیں رکھتا وہ ہنر کیا

س: اقبال کی ایک ایسی نظم کا نام بتاؤ جس سے ان کی وطن دوستی کا ثبوت ملتا ہو؟

ج: نیا شوالہ

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس سے ان کی وطن دوستی کا ثبوت ملتا ہو؟

ج: پتھر کی مورتوں میں سمجھا ہے تو خدا ہے
خاکِ وطن کا مجھ کو ہر ذرہ دیوتا ہے

س: ''ہندوستانی بچوں کا قومی گیت'' نظم کے پہلے شعر میں علامہ اقبال نے کن دو خاص بزرگوں کا ذکر کیا ہے؟

ج: حضرت معین الدین چشتی اور گرو نانگ کا ذکر۔

س: لگی نہ میری طبیعت ریاض جنت میں
پیا شعور کا جب جامِ آتشیں میں نے
یہ شعر علامہ اقبال کی کس نظم کا ہے؟

ج: ''سرگزشت آدم'' نظم کا۔

س: تو کہاں ہے اے کلیمِ طور ذرہ دہ سینائے علم
تھی تری موجِ نفس بادِ نشاط افزائے علم
اس شعر میں ''کلیم طور'' سے کون مراد ہیں؟

ج: پروفیسر آرنلڈ۔

س: علامہ اقبل نے ''دیدۂ بینائے قوم'' کس کو کہا ہے؟

ج: شاعر کو۔

س: اقبال کی نظم ''عشق اور موت'' کس انگریزی شاعر سے ماخوذ ہے؟

ج: ٹینی سن سے۔

س. سونے والوں کو جگا دے شعر کے اعجاز سے
خرمنِ باطل جلا دے شعلۂ آواز سے
یہ شعر علامہ اقبال کی کس نظم کا آخری شعر ہے؟

ج: ''سید کی لوحِ تربت'' نظم کا۔

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں لفظ ''شبنم'' استعمال ہوا ہو؟

ج: پھولوں کو آئے جس دم شبنم وضو کرانے
رونا مرا وضو ہو، نالہ مری دعا ہو

س: ان نرم بچھونوں سے خدا مجھ کو بچائے
سو جائے کوئی ان پہ تو پھر اُٹھ نہیں سکتا
یہ شعر علامہ اقبال کی کونسی نظم کا ہے؟

ج: ''ایک مکڑا اور مکھی'' نظم کا۔

س: ''نطق کو سو ناز ہے تیرے لبِ اعجاز پر''
اس مصرعہ میں ''تیرے'' سے کون مراد ہے؟

ج: مرزا غالب۔

س: علامہ اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں انہوں نے مرزا غالب کی تعریف کی ہو؟

ج: لطفِ گویائی میں تیری ہمسری کوئی نہیں
ہو تخیل کا نہ جب تک فکرِ کامل ہم نشیں

س: ''کوئی اندازہ کر سکتا ہے اُس کے زورِ بازو کا''
اس کا دوسرا مصرعہ بتاؤ؟

ج: ''نگاہِ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں''۔

س: عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی اور جہنم بھی
یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے
یہ شعر اقبال کی کس نظم کا ہے؟
ج: ''طلوعِ اسلام'' نظم کا۔
س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں مشہور تین صحابیوں کے نام ایک ساتھ آیا ہو؟
ج: مٹایا قیصر و کسریٰ کے استبداد کو جس نے
وہ کیا تھا زورِ حیدرؓ، فقرِ بوذرؓ، صدقِ سلمانیؓ
س: ''اپنی دنیا آپ پیدا کر اگر زندوں میں ہے''
اس کا دوسرا مصرعہ بتاؤ؟
ج: ''سرِ آدم ہے ضمیرِ کن فکاں ہے زندگی''
س: ''یہ گھڑی محشر کی ہے تو عرصۂ محشر میں ہے''
اس کا دوسرا مصرعہ بتاؤ؟
ج: ''پیش کر غافل عمل کوئی اگر دفتر میں ہے''۔
س: حفظِ اسرار کا فطرت کو ہے سودا ایسا
رازداں پھر نہ کرے گی کوئی پیدا ایسا
علامہ اقبال نے یہ شعر کس کے متعلق کہا ہے؟
ج: شیکسپیئر کے متعلق۔
س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں لفظ ''خاک'' استعمال ہوا ہے؟
ج: تیری خاک میں ہے اگر شرر تو خیالِ فقر و غنا نہ کر
کہ جہاں میں نانِ شعیر پر ہے مدارِ قوتِ حیدری

س: علامہ اقبال نے ''پھول'' کے عنوان سے ایک نظم لکھی ہے۔ یہ نظم اقبال کے کس شعری مجموعہ میں ہے؟

ج: بانگ درا میں۔

س: ''ملت کے ساتھ رابطۂ استوار رکھ'' اس کا دوسرا مصرعہ بتاؤ؟

ج: ''پیوستہ رہ شجر سے امیدِ بہار رکھ''۔

س: علامہ اقبال نے ''مذہب'' نظم کے عنوان سے ایک نظم لکھی ہے اس نظم کا آخری شعر کس مشہور فارسی شاعر کا ہے؟

ج: مرزا بیدلؔ کا۔

س: ''فردوس میں ایک مکالمہ'' اقبال کی ایک نظم ہے اس کا آخری شعر کس مشہور فارسی شاعر کا ہے؟

ج: شیخ سعدی کا۔

س: ''مسلمان اور تعلیم جدید'' نظم میں اقبال نے ملک قمیؔ کے ایک شعر کا مصرعہ اپنی اس نظم کے آخر پر لکھا ہے وہ مصرعہ بتائیے؟

ج: ''یک لحظہ غافل گشتم وصد سالہ راہم دور شد''۔

س: ''ہند کو اک مرد کامل نے جگایا خواب سے''

اس مصرعہ میں ''مرد کامل'' سے کون مراد ہے؟

ج: گرونانک۔

س: ستیزہ کار رہا ہے ازل سے تا امروز
چراغِ مصطفویؐ سے شرارِ بولہبی

علامہ اقبال کا یہ مشہور شعر ان کی کس نظم کا پہلا شعر ہے؟

ج: نظم ''ارتقاء'' کا۔

س: علامہ اقبال نے اُردو کے دو مشہور شاعروں اور سوانح نگاروں کے نام کے عنوان سے ایک نظم لکھی ہے، اس نظم کا نام بتاؤ؟

ج: ''شبلی و حالی''۔

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں لفظ ''عید'' استعمال ہوا ہو؟

ج: پیامِ عیش و مسرت ہمیں سناتا ہے
ہلالِ عید ہماری ہنسی اُڑاتا ہے

س: ''ہم سمجھتے تھے کہ لائے گی فراغت تعلیم'' اس کا دوسرا مصرعہ بتاؤ؟

ج: ''کیا خبر تھی کہ چلا آئے گا الحاد بھی ساتھ''۔

س: ''جوابِ شکوہ'' نظم کا کوئی ایک مشہور شعر بتاؤ؟

ج: قوتِ عشق سے ہر پست کو بالا کر دے
دہر میں اسمِ محمدؐ سے اُجالا کر دے

س: نظم ''جوابِ شکوہ'' کا آخری شعر کونسا ہے؟

ج: کی محمدؐ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

س: نظم ''جوابِ شکوہ'' کا پہلا شعر کونسا ہے؟

ج: دل سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے
پر نہیں، طاقتِ پرواز مگر رکھتی ہے

س: تصورِ اتحاد پر اقبال کا کوئی شعر بتاؤ؟

ج: فرد قائم ربطِ ملت سے ہے تنہا کچھ نہیں
موج ہے دریا میں بیرونِ دریا کچھ نہیں

س: علامہ اقبال نے کونسی نظم غنی کشمیری کی زمین میں لکھی ہے؟

ج: ''خطاب بہ جوانانِ اسلام''۔

س: ''گنوادی ہم نے جو اسلاف سے میراث پائی تھی''
کا دوسرا مصرعہ بتاؤ؟

ج: ثریا سے زمیں پر آسمان نے ہم کو دے مارا

س: چاہے تو بدل ڈالے ہیت چمنستان کی
یہ ہستی دانا ہے بینا ہے، توانا ہے
اس شعر میں ''یہ ہستی'' سے کون مراد ہے؟

ج: انسان۔

س: تلوار کا دھنی تھا شجاعت میں فرد تھا
پاکیزگی میں جوشِ محبت میں فرد تھا
علامہ اقبال نے یہ شعر کس کی تعریف میں لکھا ہے؟

ج: رام چندر جی کی تعریف میں۔

س: علامہ اقبال کی کسی ایک طنزیہ نظم کا نام بتاؤ؟

ج: نصیحت۔

س: ہیں جذب باہمی سے قائم نظام سارے
پوشیدہ ہے یہ نکتہ تاروں کی زندگی میں
علامہ اقبال کا یہ مشہور شعر اُن کی کس نظم کا آخری شعر ہے؟

ج: ''بزم انجم'' نظم کا۔

س: علامہ اقبال کی اس نظم کا نام بتاؤ جس میں انہوں نے بتایا ہے کہ خدا کا جلوہ ہر شے میں پوشیدہ ہے لیکن لفظ ''خدا'' نظم میں کہیں بھی استعمال نہیں ہوا ہے؟

ج: چاند۔

س: نظم ''شکوہ'' کا کوئی ایک مشہور شعر بتاؤ؟

ج: دشت تو دشت ہے دریا بھی نہ چھوڑے ہم نے
بحرِ ظلمات میں دوڑا دیے گھوڑے ہم نے

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں انہوں نے لفظ ''بانگ درا'' استعمال کیا ہو؟

ج: اقبال کا ترانہ بانگ درا ہے گویا
ہوتا ہے جادہ پیما پھر کارواں ہمارا

س: ''میاں فضل حسین'' کے نام علامہ اقبال نے کونسی نظم لکھی ہے؟

ج: ''فلسفۂ غم''۔

س: اقبال کے کسی ایک ایسی نظم کا نام بتاؤ جس میں انہوں نے دنیا کی بے ثباتی کو بڑے موثر طریقے سے واضع کیا ہے؟

ج: گورستانِ شاہی۔

س: سکوں محال ہے قدرت کے کارخانے میں
ثبات ایک تغیر کو ہے زمانے میں
یہ شعر علامہ اقبال کی کس نظم کا ہے؟

ج: نظم ''ستارہ'' کا۔

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں انہوں نے دنیا کی بے ثباتی کا ذکر کیا ہو؟

ج: زندگی انساں کی اک دم کے سوا کچھ بھی نہیں
دم ہوا کی موج ہے، رم کے سوا کچھ بھی نہیں

س: دریائے نیکر ہائیڈل برگ کے کنارے پر علامہ اقبال نے کس عنوان سے ایک نظم لکھی ہے؟

ج: "ایک شام" کے عنوان سے۔

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں لفظ "زمزم" استعمال ہوا ہو؟

ج: زائرانِ کعبہ سے اقبال یہ پوچھے کوئی
کیا حرم کا تحفہ زمزم کے سوا کچھ بھی نہیں

س: علامہ اقبال نے "راز جو" کس کو بتایا ہے؟

ج: انسان کو۔

س: علامہ اقبال نے اپنی ایک نظم "کوشش ناتمام" میں کس چیز کا درس دیا ہے؟

ج: جہد و عمل کا۔

س: علامہ اقبال نے "گوہر نایاب" کس شخص کو کہا ہے؟

ج: سوامی رام تیرتھ کو۔

س: "اخلاص" موضوع پر علامہ اقبال کا کوئی ایک شعر بتاؤ؟

ج: سودا گری نہیں یہ عبادت خدا کی ہے
اے بے خبر جزا کی تمنا بھی چھوڑ دے

س: علامہ اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں انہوں نے اللہ والوں کی صحبت کے فوائد کی طرف اشارہ کیا ہو؟

ج: جلا سکتی ہے شمعِ کشتہ کو موجِ نفس ان کی
الٰہی کیا چھپا ہوتا ہے اہلِ دل کے سینوں میں
تمنا دردِ دل کی ہو تو خدمت کر فقیروں کی
نہیں ملتا یہ گوہر بادشاہوں کے خزینوں میں

س: ''بڑی جناب تری فیض عام ہے تیرا''

اس مصرعہ میں ''تری اور تیرا'' سے کون مراد ہے؟

ج: حضرت نظام الدین اولیاءؒ

س: ''نظر سے چھپتا ہے لیکن فنا نہیں ہوتا''

علامہ اقبال نے اس مصرعہ میں کس کی طرح اشارہ کیا ہے؟

ج: انسان کی طرف۔

س: ''اُٹھ گیا ناوک فگن مارے گا دل پر تیر کون''

اس مصرعہ میں علامہ اقبال کا اشارہ کس شاعر کی طرف ہے؟

ج: داغ دہلوی کی طرف۔

س: تو اگر اپنی حقیقت سے خبردار رہے
نہ سیہ روز رہے پھر نہ سیہ کار رہے

اس شعر میں ''تو'' کس کی طرف اشارہ ہے؟

ج: انسان کی طرف۔

س: بالِ جبریل کی حصہ نظم کی پہلی نظم کونسی ہے؟

ج: ''دعا''۔

س: یہ نظم (دعا) علامہ اقبال نے کس جگہ لکھی ہے؟

ج: مسجدِ قرطبہ میں۔

س: نظم ''مسجد قرطبہ'' کا آخری شعر بتاؤ؟

ج: نقش ہیں سب ناتمام خونِ جگر کے بغیر
نغمہ ہے سودائے خام خونِ جگر کے بغیر

س: علامہ اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں تین دفعہ لفظ ''عشق'' استعمال ہوا ہو؟

ج: صدقِ خلیل بھی ہے عشق صبرِ حسین بھی ہے عشق
معرکۂ وجود میں بدر و حنین بھی ہے عشق

س: علامہ اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں انہوں نے اپنے فرزند جاوید اقبال کے لیے دعا دی ہو؟

ج: حیا نہیں ہے زمانے کی آنکھ میں باقی
خدا کرے کہ جوانی تری رہے بے داغ

س: میں کھٹکتا ہوں دلِ یزداں میں کانٹے کی طرح
تو فقط اللہ ھو اللہ ھو اللہ ھو
اس شعر میں "میں" اور "تو" سے کون مراد ہے؟

ج: "میں" سے ابلیس اور "تو" سے حضرت جبریلؑ مراد ہیں۔

س: وہ ہند میں سرمایۂ ملت کا نگہبان
اللہ نے بروقت کیا جس کو خبردار
اس شعر میں اقبال نے کس کی طرف اشارہ کیا ہے؟

ج: مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندیؒ کی طرف۔

س: "بالِ جبریل" کی آخری نظم کون سی ہے؟

ج: "چیونٹی اور عقاب"۔

س: "ضربِ کلیم" کی ابتداء کن دو اشعار سے ہوتی ہے؟

ج: نہیں مقام کی خوگر طبیعتِ آزاد
ہوائے سیر مثالِ نسیم پیدا کر
ہزار چشمہ ترے سنگِ راہ سے پھوٹے
خودی میں ڈوب کے ضربِ کلیم پیدا کر

س: علامہ اقبال کا وہ شعر بتایئے جس میں انہوں نے علم کتابی پر صحبت صلحاء کو زور دیا ہے؟

ج: صحبت از علم کتابی خوشتر است
صحبت مردانِ حُر آدم گر است

س: علامہ اقبال نے ضرب کلیم کی ایک نظم "ناظرین سے" میں فطرت کو کونسا نام دیا ہے؟

ج: لہو ترنگ کا نام۔

س: کلمۂ طیبہ کا پہلا جز لاالٰہ الا اللہ ہے۔ اس عنوان سے علامہ نے ایک نظم بھی لکھی، یہ نظم اقبال کے کس مجموعۂ کلام میں ہے؟

ج: ضرب کلیم میں۔

س: علامہ اقبال کا وہ شعر بتایئے جس میں انہوں نے حضور کی ایک حدیث بیان کی ہے؟

ج: زندگی دہر است و دہر زندگی است
لا تسبوالدھر فرمان نبی ﷺ است

س: علامہ اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں انہوں نے مسلمان کے زوال کی وجہ فقر کا فقدان بتایا ہے؟

ج: اگرچہ زر بھی ہے جہاں میں قاضی الحاجات
جو فقر سے ہے میسر تونگری سے نہیں
سبب کچھ اور ہے تو جس کو خود سمجھتا ہے
زوال بندۂ مومن کا بے زری سے نہیں

س: علامہ اقبال کا کوئی ایک شعر بتاؤ جس میں لفظ "توحید" استعمال ہوا ہو؟

ج: زندہ قوت تھی جہاں میں یہی توحید کبھی
آج کیا ہے؟ فقط اک مسئلۂ علم کلام

س: ''ضرب کلیم'' کی کونسی نظم علامہ اقبال نے اپنے دوست راس مسعود کے دولت کدہ پر لکھی؟

ج: نظم ''سلطانی''۔

س: علامہ اقبال کا کوئی ایسا شعر جس میں انہوں نے لفظ ''مراقبہ'' استعمال کیا ہو؟

ج: یہ ذکرِ نیم شبی، یہ مراقبے یہ سرور
تری خودی کے نگہباں نہیں تو کچھ بھی نہیں

س: علامہ اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں انہوں نے نماز کی حقیقت بیان کی ہو؟

ج: یہ ایک سجدہ جسے تو گراں سمجھتا ہے
ہزار سجدوں سے دیتا ہے آدمی کو نجات

س: علامہ اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں انہوں نے ''اہل ایمان'' کی کوئی ایک صفت بیان کی ہو؟

ج: جہاں میں اہل ایماں صورتِ خورشید جیتے ہیں
ادھر ڈوبے اُدھر نکلے، اُدھر ڈوبے اِدھر نکلے

س: علامہ اقبال نے اپنے اشعار میں شاہین کی بہت ساری صفات بیان کی ہیں اُن میں سے شاہین کی کوئی ایک صفت بتاؤ اور شعر کا حوالہ بھی دو؟

ج: شاہین تھکتا نہیں۔

شاہین کبھی پرواز سے تھک کر نہیں گرتا
پُردم ہے اگر تو تو نہیں خطرۂ افتاد

س: خودی کی تربیت کہاں پائی جاتی ہے۔ اقبال کے اشعار کا حوالہ بھی دو؟

ج: خودی کی تربیت صالحین کی صحبت میں ہوتی ہے۔

خودی کی پرورش و تربیت پہ ہے موقوف
کہ مشتِ خاک میں پیدا ہو آتشِ ہمہ سوز
یہی ہے سرِ کلیمی ہر اک زمانے میں
ہوائے دشت و شعیب و شبانی شب و روز

س: اقبال کا کوئی شعر بتاؤ جس میں انہوں نے آزاد و محکوم کا موازنہ کیا ہو؟

ج: آزاد کی اِک آن ہے محکوم کا اک سال
کس درجہ گراں سیر ہیں محکوم کے اوقات
آزاد کا ہر لحظہ پیامِ ابدیت
محکوم کا ہر لحظہ نئی مرگِ مفاجات

س: علامہ اقبال نے ''طالب علم'' نظم کے عنوان سے صرف دو اشعار میں جواں کو دعا دی ہے وہ دعا کیا ہے؟

ج: خدا تجھے کسی طوفاں سے آشنا کر دے
کہ تیرے بحر کی موجوں میں اضطراب نہیں
تجھے کتاب سے ممکن نہیں فراغ کہ تو
کتاب خواں ہے مگر صاحب کتاب نہیں

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں لفظ ''صبا'' استعمال ہوا ہو؟

ج: کیا ہے تجھ کو کتابوں نے کور ذوق اتنا
صبا سے بھی نہ ملا تجھ کو بوئے گل کا سراغ

س: اقبال کا کوئی فارسی شعر بتاؤ جس میں انہوں نے ''کتب'' پر ''نظر'' کو تفوق بخشا ہے؟

ج: دین مجو اندر کتب اے بے خبر
علم و حکمت از کتب دین از نظر

س: ''اک مرد قلندر نے کیا راز خودی فاش''
اس مصرعہ میں ''مرد قلندر'' سے کون مراد ہے؟

ج: خود علامہ اقبال۔

س: شیشے کی صراحی ہو کہ مٹی کا سبو ہو
شمشیر کی مانند ہو تیزی میں تری مے
اس شعر میں ''تری'' سے کون مراد ہے؟

ج: شاعر

س: علامہ اقبال کے خیال میں کن لوگوں کے اعصاب پر عورت سوار ہے؟

ج: ہندوستان کے شاعروں صورت گروں اور افسانہ نویسوں پر۔

س: ''جدتِ کردار'' کس کتاب کو اپنانے سے حاصل ہو سکتی ہے؟

ج: قرآن مجید سے۔

س: اقبال کی نظر میں کون جوان اپنے قبیلے کی آنکھ کا تارا ہوتا ہے؟

ج: جس کا شباب بے داغ ہو۔

س: علامہ اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں چار بڑی ہستیوں کا ذکر ہو؟

ج: عطار ہو رومی ہو رازی ہو غزالی ہو
کچھ ہاتھ نہیں آتا بے آہِ سحر گاہی

س: علامہ اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں خلوت نشینی کی اہمیت بیان کی گئی ہو؟

ج: وحشت نہ سمجھ اس کو اے مردکِ میدانی
کہسار کی خلوت ہے تعلیمِ خود آگاہی

س: ارمغان حجاز کی پہلی نظم کا عنوان کیا ہے؟

ج: ابلیس کی مجلس شوریٰ۔

س: اس نظم میں ابلیس کے کل کتنے مشیر ہیں؟

ج: پانچ مشیر۔

س: ارمغان حجاز میں علامہ اقبال نے ایک شخصی مرثیہ بھی لکھا۔ یہ مرثیہ کس کے متعلق ہے اور اس کا عنوان کیا ہے؟

ج: اقبال کے ایک دوست ''راس مسعود'' کے متعلق مرثیہ کا عنوان ہے ''مسعود مرحوم''۔

س: علامہ اقبال نے ''ملازادہ ضیغم لولابی کشمیری کا بیاض'' عنوان کے تحت کل کتنی نظمیں کہی ہیں؟

ج: انیس نظمیں۔

س: علامہ اقبال نے ملازادہ ضیغم لولابی کشمیری کا بیاض'' عنوان کے تحت کشمیر کے لوگوں کو کس چیز کا پیغام خاص طور پر دیا ہے؟

ج: حریت و آزادی کا پیغام۔

س: ''آہ یہ قوم نجیب و چرب دست و تر دماغ''

علامہ اقبال نے اس مصرعہ میں کن کا ذکر کیا گیا ہے؟

ج: کشمیریوں کا۔

س: جس خاک کے ضمیر میں ہے آتشِ چنار
ممکن نہیں کہ سرد ہو وہ خاک ارجمند
اس شعر میں "خاک ارجمند" سے کونسی جگہ مراد ہے؟

ج: کشمیر۔

س: اقبال کی نظر میں "بندۂ افلاک" کون ہے؟

ج: محکوم۔

س: اقبال کی نظر میں "خواجۂ افلاک" کون ہے؟

ج: آزاد۔

س: "خضر سوچتا ہے ولر کے کنارے"۔ اس کا دوسرا مصرعہ بتاؤ؟

ج: ہمالہ کے چشمے اُبلتے ہیں کب تک۔

س: تقدیر ہے اک نام مکافاتِ عمل کا
دیتے ہیں یہ پیغام خدایانِ ہمالیہ
اس شعر میں خدایانِ ہمالہ سے کون مراد ہیں؟

ج: ہندو دھرم کے حکماء۔

س: "ارمغان حجاز" کا آخری شعر کونسا ہے؟

ج: اگر مقصودِ کل میں ہوں تو مجھ سے ماورا کیا ہے
مرے ہنگامہ ہائے نوبتو کی انتہا کیا ہے

س: علامہ اقبال نے "ارمغان حجاز" میں ایک مشہور عالمِ دیں کے خیال پر فارسی میں ایک نظم لکھی ہے۔ اس عالم دین کا نام بتاؤ؟

ج: حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ۔

س: علامہ اقبال کا وہ کونسا شعر ہے جس پر مرزا ارشد گورگانی نے انہیں داد دی؟

ج: موتی سمجھ کے شانِ کریمی نے چن لئے
قطرے جو تھے میرے عرقِ انفعال کے

س: علامہ اقبال کا کوئی تلمیحاتی شعر بتاؤ؟

ج: کشتیٔ مسکین، جانِ پاک، دیوارِ یتیم
علم موسیٰ بھی ہے تیرے سامنے حیرت فروش

س: ''وہ دانائے سبل، مولائے کل، ختم الرسل جس نے''
اس مصرعہ میں کس ہستی کی طرف اشارہ ہے۔

ج: حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی طرف۔

س: جاوید نامہ میں علامہ اقبال نے خیالی طور کتنے افلاک کی سیر کی؟

ج: سات افلاک کی۔

س: حادثہ کربلا پر علامہ اقبال کا کوئی ایک شعر بتاؤ؟

ج: دشمناں چوں ریگ صحرا لاتعد
دوستانِ او بہ یزداں ہم عدد

س: ''مسجد تو بنا دی شب بھر میں ایماں کی حرارت والوں نے''
یہ مصرعہ علامہ اقبال نے کس مسجد کے متعلق لکھا ہے؟

ج: شاہ عالمی دروازہ مسجد لاہور کے متعلق۔

س: علامہ اقبال نے اپنے والد کی قبر پر کس عنوان کا کتبہ لکھوایا؟

ج: پدر و مرشدِ اقبال۔

س: جس سنہ میں علامہ اقبال کی وفات ہوئی اُسی سنہ میں ان کی ایک

کتاب بھی چھپی۔ کتاب کا نام بتایئے؟

ج: ارمغانِ حجاز۔

س: علامہ اقبال کے وہ کون سے دوست تھے جن کی موٹر پر علامہ اقبال نے اشعار کہے تھے؟

ج: نواب سر ذوالفقار علی خان۔

س: علامہ اقبال کا کوئی شعر بتاؤ جس میں ایک پیغمبر اور ایک صحابیؓ کا نام آیا ہو؟

ج: غریب و سادہ و رنگیں ہے داستانِ حرم
نہایت اس کی حسین، ابتداء ہے اسماعیل

س: علامہ اقبال نے رات کا شہباز کس کو کہا ہے؟

ج: اُلّو کو۔

س: علامہ اقبال نے سر راس مسعود پر جو نظم لکھی وہ ان کے کس مجموعہ کلام میں ہے؟

ج: ارمغانِ حجاز میں۔

س: جاوید نامہ میں علامہ اقبال نے ''زندہ رود'' کس کے لیے استعمال کیا ہے؟

ج: خود کے لیے۔

س: ''سلطانِ بدر'' علامہ اقبال نے کس ہستی کے لیے استعمال کیا ہے؟

ج: حضرت محمد ﷺ کی ذات گرامی کے لیے۔

س: علامہ اقبال نے حضرت نظام الدین اولیاء کے مزار پر کونسی نظم کہی تھی؟

ج: التجائے مسافر۔

س: علامہ اقبال نے ایک خاتون کا ذکر بڑی عقیدت سے کیا ہے یہ خاتون پنجاب کے گورنر عبدالصمد خان کی بیٹی تھی۔ اس کا نام کیا تھا؟

ج: شرف النساء۔

س: ''صاحبِ مازاغ'' سے کون ہستی مراد ہے؟

ج: حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ۔

س: علامہ اقبال کے خیال میں کس چیز سے غلامی کی زنجیریں کٹ جاتی ہیں؟

ج: ''ذوقِ یقیں'' سے۔

س: علامہ اقبال کا یہ مفہوم والا شعر بھی بتاؤ؟

ج: غلامی میں نہ کام آتی ہیں شمشیریں نہ تدبیریں
جو ہو ذوقِ یقیں پیدا تو کٹ جاتی ہیں زنجیریں

س: علامہ اقبال نے ''آبروئے ملتِ مرحوم'' کس خاتون کو کہا ہے؟

ج: فاطمہ بنت عبداللہ کو۔

س: ہے اسیری اعتبار افزا جو ہو فطرت بلند
قطرۂ نیساں ہے زندانِ صدف سے ارجمند
اس شعر میں کس عظیم شخصیت کی طرف اشارہ ہے؟

ج: مولانا محمد علی جوہر کی طرف۔

س: اقبال کا کوئی ایک شعر بتائیے جس میں لفظ ''سرمہ'' استعمال ہوا ہو؟

ج: خیرہ نہ کر سکا مجھے جلوۂ دانشِ فرنگ
سرمہ ہے مری آنکھ کا خاکِ مدینہ و نجف

س: ''اسلام اور احمدی ازم'' مقالہ علامہ اقبال نے کس لیڈر کے جواب میں لکھا تھا؟

ج: پنڈت جواہر لال نہرو کے جواب میں۔

س: علامہ اقبال نے وصیت نامہ میں اپنی اولاد کے بالغ ہونے تک اولاد

کی جائداد اور ذات کا ولی کن لوگوں کو مقرر کیا تھا؟

ج: خواجہ عبدالغنی۔ شیخ اعجاز احمد۔ چوہدری محمد حسین اور منشی طاہرالدین کو۔

س: فروری ۱۹۳۸ء میں علامہ اقبال کی ایک غیر مسلم سیاست دان سے ملاقات ہوئی تھی اس کا نام بتاؤ؟

ج: پنڈت جواہر لال نہرو۔

س: علامہ اقبال نے حیدر آباد دکن میں اپنے قیام کے دوران کونسی نظمیں لکھیں تھیں؟

ج: (۱) شکریہ اور (۲) گورستانِ شاہی۔

س: نظم ''شکریہ'' کس کی تعریف میں لکھی گئی ہے؟

ج: مہاراجہ سرکشن پرشاد کی تعریف میں۔

س: ''کسی قوم کی بہترین روایات کا تحفظ بہت حد تک اس قوم کی عورتیں ہی کر سکتیں ہیں'' یہ کس کا قول ہے؟

ج: علامہ اقبال کا۔

س: علامہ اقبال کی زندگی میں ایک ہی سال میں دکھ اور خوشی کا واقعہ پیش آیا۔ یہ کون سا سال تھا؟

ج: ۱۹۲۴ء

س: غم اور خوشی کے واقعات کیا تھے؟

ج: ۵/اکتوبر ۱۹۲۴ء کو جاوید اقبال کی ولادت ہوئی اور اسی سال یعنی ۲۱/اکتوبر ۱۹۲۴ء کو اقبال کی تیسری بیوی ممتاز بیگم کا انتقال ہوا؟

س: اسی سال علامہ اقبال کی کون سی کتاب شائع ہوئی؟

ج: بانگ درا۔

س: ۱۹۱۱ء میں اٹلی نے طرابس (لیبیا) پر حملہ کر دیا تھا علامہ اقبال نے اس واقعہ کے حوالے سے کتنی نظمیں لکھیں ہیں؟

ج: دو۔

س: ان دو نظموں کا نام بتاؤ؟

ج: حضور رسالت مآب میں اور فاطمہ بنت عبداللہ۔

س: علامہ اقبال نے مولانا روم کی مثنوی کی بحر میں کونسی مثنوی لکھی ہے؟

ج: اسرار خودی۔

س: مولانا روم کے بارے میں علامہ اقبال کا ایک مصرعہ بہت مشہور ہے وہ کیا ہے؟

ج: ''پیر رومی خاک، اکیسر کرد''۔

س: علامہ اقبال نے ''فقر'' کو دوسرا نام کیا دیا ہے؟

ج: اسلام۔

س: علامہ اقبال کا کوئی ایسا شعر جس میں لفظ ''رزق'' استعمال ہوا ہو؟

ج: اے طائر لاہوتی اُس رزق سے موت اچھی
جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی

س: نٹشے کا ذکر علامہ اقبال کی کونسی کتاب میں ملتا ہے؟

ج: پیامِ مشرق میں۔

س: علامہ اقبال کی پہلی نثری کتاب ''علم الاقتصاد'' پہلی دفعہ کب چھپی۔

ج: ۱۹۰۳ء میں۔

س: مثنوی ''گلشن رازِ جدید'' کس ایرانی شاعر کے جواب میں لکھی گئی ہے؟

ج: محمود شبستری کے جواب میں۔

س: پیامِ مشرق کے کل کتنے حصے ہیں؟

ج: پانچ۔

س: پیامِ مشرق کے پانچ حصوں کا نام بتاؤ؟

ج: ۱)لالۂ طور ۲)افکار ۳)مے باقی ۴)نقشِ فرنگ اور ۵)خردہ

س: پیامِ مشرق کا پہلا ایڈیشن کب شائع ہوا؟

ج: ۱۹۲۳ء

س: پیامِ مشرق کی تخلیق کا بنیادی مقصد کیا تھا؟

ج: اہلِ مغرب کو مشرق کے احساسِ مروت اور اخلاقِ آدمیت کے تصور سے آگاہ کرنا۔

س: مبتلائے درد کوئی عضو ہو روتی ہے آنکھ
کس قدر یہ ہمدرد جسم کی ہوتی ہے آنکھ
علامہ اقبال نے اس شعر میں آنکھ کو کس سے تشبیہ دی ہے؟

ج: شاعر سے۔

س: علامہ اقبال کا وہ شعر بتاؤ جو "مغربی تہذیب" کے موضوع پر ہو؟

ج: یہ تہذیب خود اپنے خنجر سے خودکشی کرے گی
جو شاخِ نازک پہ آشیانہ ہوگا ناپائدار ہوگا

س: نظم "شکوہ" کا بنیادی موضوع کیا ہے؟

ج: مسلمانوں کی پستی پر خدا سے شکوہ۔

س: علامہ اقبال نے کس کے شاگرد ہونے پر فخر کیا ہے؟

ج: داغ دہلوی کے شاگرد ہونے پر۔

س: جس شعر میں علامہ اقبال نے داغ کے شاگرد ہونے پر فخر کیا ہو وہ شعر بتاؤ؟

ج: تسنیم و تشنہ ہی اقبال کچھ اس پر نہیں نازاں
مجھے بھی فخر ہے شاگردیٔ داغ سخنداں کا

س: اس شعر میں تسنیم اور تشنہ سے کون مراد ہیں؟

ج: یہ داغ دہلوی کے مشہور شاگرد تھے۔

س: علامہ اقبال نے نظم "نالۂ یتیم" کس شخص کی فرمائش پر لکھی تھی؟

ج: منشی محمد دین فوق کی فرمائش پر۔

س: علامہ اقبال نے اللہ کی بارگاہ میں کشمیریوں کے لیے کئی دعائیں کی ہیں اس قسم کا کوئی شعر بتاؤ؟

ج: توڑ اس دستِ جفا کیش کو یارب جس نے
روحِ آزادیٔ کشمیر کو پامال کیا

س: منشی محمد دین فوق کی کس کتاب نے علامہ اقبال کو متاثر کیا تھا؟

ج: "رہنمائے کشمیر" نے۔

س: علامہ اقبال جب ظہیرُ الدین بابر کے مزار پر حاضری دینے کے لیے گئے تو وہاں کونسا شعر پڑھا تھا؟

ج: خوشا نصیب کہ خاکِ تو آرمید ایں جا
کہ ایں زمین از طلسم فرنگ آزاد است

س: پیرس میں قیام کے دوران علامہ اقبال فرانس کی کس تاریخی شخصیت کے مقبرے پر گئے؟

ج: نپولین بوناپارٹ کے مقبرے پر۔

س: مجھے اقبال اس سید کے گھر سے فیض پہنچا ہے
پلے جو اس کے دامن میں وہی کچھ بن کے نکلے ہیں

اس شعر میں ''سید'' کس کی طرف اشارہ ہے؟

ج: مولانا سید میر حسن صاحب کی طرف۔

س: مولانا انور شاہ کشمیریؒ کی وفات پر مسلمانانِ لاہور کا ایک تعزیتی اجتماع ہوا اس اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے اقبال نے مولانا کو زبردست خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ اس خراج عقیدت کا کوئی حصہ بیان کرو؟

ج: ''اسلام کی ادھر کی پانچ سو سالہ تاریخ شاہ صاحب کی نظیر پیش کرنے سے عاجز ہے''۔

س: علامہ اقبال کے ممدوح علما میں صرف پانچ کے نام بتاؤ؟

ج: ابن تیمیہ، شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندیؒ، مولانا شبلی نعمانی، سید سلیمان ندوی۔

س: حضرت مولانا انظر شاہ کشمیریؒ کی وہ کونسی عربی نظم تھی جس کا مطالعہ علامہ اقبال نے دقتِ نظر سے کیا تھا؟

ج: ''ضرب الخاتم علی حدوث العالم''۔

س: علامہ اقبال نے کن خاص مسائل میں حضرت مولانا انور شاہ کشمیری سے استفادہ حاصل کیا ہے؟

ج: مسلۂ ختم نبوت، قتل مرتد اور مسلۂ زمان ومکان وغیرہ میں۔

س: علامہ اقبال مولانا انور شاہ کشمیریؒ کے اشتراک سے کس موضوع پر کام کرنا چاہتے تھے؟

ج: جدید فقہ کی تدوین پر۔

س: ''روحِ دین کا شناسا... اقبال'' کس مشہور کشمیری سیاست دان کی تصنیف ہے؟

ج: سید علی شاہ گیلانی کی۔

س: علامہ اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں لفظ ''فغفوری'' استعمال ہوا ہو؟

ج: یقین پیدا کر اے ناداں یقیں سے ہاتھ آتی ہے
وہ درویشی کہ جس کے سامنے جھکتی ہے فغفوری

س: علامہ اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں اُسے مدرس سے شکایت ہو؟

ج: شکایت ہے مجھے یارب خداوندانِ مکتب سے
سبق شاہین بچوں کو دے رہے ہیں خاکبازی کا

س: علامہ اقبال کن اشعار میں بغیر اخلاص کے عمل کو سوداگری کہتے ہیں؟

ج: واعظ کمالِ ترک سے ملتی ہے یاں مراد
دنیا جو چھوڑ دی ہے تو عقبیٰ بھی چھوڑ دے
سودا گری نہیں یہ عبادت خدائی ہے
اے بے خبر جزا کی تمنا بھی چھوڑ دے

س: علامہ اقبال کا کوئی ایسا شعر جس میں اُنہیں مدرسہ سے شکایت ہے؟

ج: مدرسہ عقل کو آزاد تو کرتا ہے مگر
چھوڑ جاتا ہے خیالات کو بے ربط ونظام

س: اقبال انسٹی ٹیوٹ کشمیر یونیورسٹی سے ۱۹۹۸ء میں ''اقبال کی جمالیات'' کے عنوان پر ایک کتاب چھپی ہے اس کا مصنف کون ہے؟

ج: پروفیسر قدوس جاوید۔

س: ''تعلیمات اقبال و پیامِ حریت'' کس کی تصنیف ہے؟

ج: پروفیسر یوسف سلیم چستی کی۔

س: اقبال کے تصورات عشق وخرد کس کی تصنیف ہے؟

ج: ڈاکٹر وزیر آغا کی۔

س: اقبال فن اور فلسفہ کس کی تصنیف ہے؟

ج: نورالحسن ہاشمی کی۔

س: ''قلب ادمومن دماغش کافراست'' اس مصرعہ میں علامہ اقبال نے کس کی طرف اشارہ کیا ہے؟

ج: کارل مارکس کی رف۔

س: علامہ اقبال نے ''کلیمِ بے تجلی'' اور ''مسیحِ بے صلیب'' کس شخص کے لیے استعمال کیا ہے؟

ج: کارل مارکس کے لیے۔

س: نظم ''التجائے مسافر'' کا وہ شعر بتایئے جس میں علامہ اقبال نے کہا ہے کہ میرے قلم سے کسی کا دل نہ دُکھے؟

ج: مری زبانِ قلم سے کسی کا دل نہ دکھے
کسی سے شکوہ نہ ہو زیرِ آسماں مجھ کو

س: تجھ کو جب دیدۂ دیدار طلب نے ڈھونڈا
تابِ خورشید میں خورشید کو پنہاں دیکھا
حفظِ اسرار کا فطرت کو ہے سودا ایسا
راز داں پھر نہ کرے گی کوئی پیدا ایسا

ان اشعار میں علامہ اقبال نے کس کی تعریف کی ہے؟

ج: شیکسپیئر کی۔

س: خدنگ سینۂ گردوں ہے اس کا فکرِ بلند
کمند اس کا تخیل ہے مہر و ماہ کے لیے

اس شعر میں علامہ اقبال نے کس شخص کی تعریف کی ہے؟

ج: حکیم نطشے کی۔

س: ''جاوید نامہ'' کا کشمیری ترجمہ کس نے کیا ہے؟

ج: پروفیسر سید سراج الدین صاحب نے۔

س: ''نالۂ نیم شب'' کے مصنف کا نام بتاؤ؟

ج: ڈاکٹر مشتاق احمد گنائی صاحب۔

س: ''حضرت شیخ العالم اور اقبال'' کے مصنف کا نام بتاؤ؟

ج: اسداللہ آفاقی صاحب۔

س: ''وہ سجدہ روحِ زمین جس سے کانپ جاتی تھی'' کا دوسرا مصرعہ کیا ہے؟

ج: اُسی کو آج ترستے ہیں منبر و محراب۔

س: علامہ اقبال کی ''اسرارِ خودی'' اور ''رموزِ بے خودی'' کو یکجا کر کے کس نام سے شائع کیا گیا؟

ج: ''اسرار و رموز'' کے نام سے۔

س: ''بالِ جبریل'' کا پہلا شعر بتایئے؟

ج: میری نوائے شوق سے شور حریمِ ذات میں
غلغلہ ہائے الاماں بت کدہ صفات میں

س: اقبال نے نظم ''نالۂ فراق'' اپنے کس اُستاد کے بارے میں لکھی ہے؟

ج: پروفیسر آرنلڈ کے بارے میں۔

س: حکیم احمد شجاع کے تعاون سے اقبال نے کون سی درسی کتاب مرتب کی تھی؟

ج: اُردو کی ساتویں کتاب۔

س: علامہ اقبال نے فلسطین کی سیاحت کے دوران کونسی نظم لکھی؟

ج: ذوق وشوق۔

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں لفظ ''زاغ'' استعمال ہوا ہو؟

ج: ہوئی نہ زاغ میں پیدا بلند پروازی
خراب کر گئی شاہین بچے کو صحبتِ زاغ

س: عمر بھر تیری محبت میری خدمت گر رہی
میں تیری خدمت کے قابل جب ہوا تو چل بسی
اس شعر میں علامہ اقبال نے کس کی طرف اشارہ کیا ہے؟

ج: اپنی والدۂ محترمہ کی طرف۔

س: کس کشمیری شاعر نے علامہ اقبال کی نظم ''خطاب بہ نوجوانانِ اسلام'' کی تقلید میں ''خطاب بہ مسلم کشمیر'' کے عنوان سے نظم لکھی ہے؟

ج: عبدالاحد آزاد نے۔

س: اسرارِ خودی کا اُردو ترجمہ جسٹس ایس اے رحمان نے کس نام سے کیا ہے؟

ج: ''ترجمان اسرار'' کے نام سے۔

س: علامہ اقبال کی وہ کونسی نظم ہے جس کے ذریعے ان کا بین الاسلامیت تصور واضع ہوا؟

ج: مسجد قرطبہ۔

س: علامہ اقبال کب وارد کشمیر ہوئے؟

ج: جون ۱۹۲۱ء میں۔

س: علامہ اقبال نے کس خاتون کو اپنا مجموعۂ کلام ''بال جبریل'' انعام میں دیا تھا؟

ج: بیگم راس مسعود کو۔

س: ''اقبال... مصلح قرنِ آخر'' کس ایرانی دانشور کی تصنیف ہے؟

ج: ڈاکٹر علی شریعتی کی۔

س: علامہ اقبال کے تعلیمی نظریات پر مبنی انگریزی کتاب "Iqbal's Educational Philosophy" کس کی تصنیف ہے؟

ج: خواجہ غلام السیدین کی۔

س: علامہ اقبال کے وفادار ملازم کا نام کیا تھا؟

ج: علی بخش۔

س: بانگِ درا کے حصہ اول کی آخری نظم کونسی ہے؟

ج: التجائے مسافر۔

س: بانگ درا کے حصہ دوم کی پہلی نظم کونسی ہے؟

ج: محبت۔

س: بانگ درا کے حصہ دوم کی آخری نظم کونسی ہے؟

ج: صقلیہ۔

س: اس حصہ میں کب سے کب تک کا کلام درج ہے؟

ج: ۱۹۰۵ء سے ۱۹۰۸ء تک کا کلام۔

س: بانگ درا کے حصہ سوم کی ابتدائی نظم کون سی ہے؟

ج: بلادِ اسلامیہ۔

س: اس حصہ کی آخری نظم کون سی ہے؟

ج: طلوعِ اسلام۔

س: علامہ اقبال نے بچوں کے لیے جو نظمیں کہی ہیں وہ اُن کے کس مجموعۂ کلام میں ہے؟

ج: بانگ درا میں۔

س: علامہ اقبال نے ارادہ کیا تھا کہ وہ شاعری کو ترک کریں گے لیکن کن دو اہم شخصیات نے انہیں مشورہ دیا کہ وہ شاعری لگاتار کرتے رہیں؟

ج: شیخ عبدالقادر اور پروفیسر آرنلڈ نے۔

س: نظم ''مرزا غالب'' علامہ اقبال کے کس مجموعۂ کلام میں ہے؟

ج: بانگ درا میں۔

س: کس انجمن کے جلسہ میں علامہ اقبال نے اپنی مشہور نظم ''نالۂ یتیم'' سنائی؟

ج: انجمن حمایت الاسلام میں۔

س: ''پیام مشرق'' علامہ اقبال نے کس شہرہ آفاق شاعر کے جواب میں لکھی ہے؟

ج: گوئٹے کے جواب میں۔

س: مسجد قرطبہ میں تقریباً چار سو سال بعد پہلی نماز کس نے ادا کی تھی؟

ج: علامہ اقبال نے۔

س: علامہ اقبال نے کل کتنی ڈی لٹ کی اعزازی ڈگریاں حاصل کیں؟

ج: پانچ۔

س: اُن یونیورسٹیوں کا نام بتاؤ جنہوں نے علامہ اقبال کو ڈی لٹ کی اعزازی ڈگریاں عطا کی ہیں؟

ج: علی گڑھ یونیورسٹی، پنجاب یونیورسٹی، ڈھاکہ یونیورسٹی، آلہ آباد یونیورسٹی اور عثمانیہ یونیورسٹی۔

س: علامہ اقبال کا کوئی ایسا شعر بتائیے جس میں انہوں نے وقت کا تصور

پیش کیا ہو؟

ج: تو اسے پیمانۂ امروز و فردا سے نہ ناپ
جاوداں پیہم رواں ہر دم رواں ہے زندگی

س: علامہ اقبال نے حرکت وسکون کے فلسفیانہ پہلوؤں پر اپنی کس کتاب میں روشنی ڈالی ہے؟

ج: فلسفۂ عجم میں۔

س: فلسفۂ عجم میں علامہ اقبال نے خاص کر کس مسلمان فلسفی کے فلسفۂ حرکت کا جائزہ لیا ہے؟

ج: ابن مسکویہ۔

س: علامہ اقبال نے "فلسفہ حرکت" پر ایک لیکچر بھی دیا ہے۔ اس لیکچر کا کیا عنوان ہے؟

ج: "نظامِ اسلام میں حرکت کا اصول"۔

س: یہ لیکچر اُن کی کس کتاب میں شامل ہے؟

ج: تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ میں۔

س: کائنات کے ارتقاء کی منزلوں سے گزرنے کے بارے میں علامہ اقبال کا مشہور شعر کونسا ہے؟

ج: یہ کائنات ابھی ناتمام ہے شاید
کہ آ رہی ہے دمادم صدائے کن فیکون

س: ارمغان حجاز فارسی کے کسی ایک شارح کا نام بتاؤ؟

ج: ڈاکٹر خواجہ حمید یزدانی۔

س: کشمیر یونیورسٹی کے شعبۂ اقبالیات کا نیا نام کیا رکھا گیا ہے؟

ج: اقبال انسٹی ٹیوٹ آف کلچر اینڈ فلاسفی۔

س: ارمغان حجاز فارسی کے کسی ایک نظم کا نام بتاؤ؟

ج: خلافت وملوکیت۔

س: ''خلافت وملوکیت'' کے عنوان سے پاکستان کے ایک بہت بڑے عالم دین اور مفسر قرآن نے ایک کتاب لکھی ہے اس کا نام بتاؤ؟

ج: سید ابو علیٰ مودودیؒ

س: علامہ اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں انہوں نے مدرسہ وخانقاہ کی تنقید کی ہے؟

ج: اُٹھا میں مدرسہ و خانقاہ سے نمناک
نہ زندگی نہ محبت نہ معرفت نہ نگاہ
مکتبوں میں کہیں رعنائی افکار بھی ہے
خانقاہوں میں کہیں لذتِ اسرار بھی ہے

س: علامہ اقبال نے کونسی کتاب صوبۂ پنجاب کے تعلیمی نصاب کے لیے مرتب کی تھی؟

ج: آئینۂ عجم۔

س: علامہ اقبال نے کون سی کتاب لالہ رام پرشاد کے اشتراک سے مرتب کی تھی؟

ج: تاریخِ ہند۔

س: ''اقبال اور مولانا مودودی کا تقابلی مطالعہ'' کس کی تصنیف ہے؟

ج: پروفیسر عمر حیات خاں غوری کی۔

س: ''اقبال... شخصیت اور پیام'' کس مشہور اسلامی دانشور کی تصنیف ہے؟

ج: طیب عثمانی ندوی کی۔

س: ''نالۂ نیم شب'' کشمیر کے کس اُبھرتے ہوئے ادیب کی کتاب ہے؟

ج: ڈاکٹر مشتاق احمد کی۔

س: اس کتاب کے مضامین کس مشہور شاعر و مفکر کے متعلق ہیں؟

ج: علامہ اقبال کے متعلق۔

س: علامہ اقبال کا کوئی ایسا شعر جس میں اس کتاب کا نام آیا ہو؟

ج: مرے نالۂ نیم شب کا نیاز
مری خلوت و انجمن کا گداز

س: یہ شعر علامہ اقبال کی کس نظم کا ہے؟

ج: ''ساقی نامہ'' کا۔

س: نظم ساقی نامہ کل کتنے بندوں پر مشتمل ہے؟

ج: سات بندوں پر۔

س: مشرق سے ہو بیزار، نہ مغرب سے حذر کر
فطرت کا اشارہ ہے کہ ہر شب کو سحر کر
یہ شعر اقبال کی کس نظم کا آخری شعر ہے؟

ج: ''شعاعِ امید'' نظم کا۔

س: ''دل سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے'' کا دوسرا مصرعہ بتاؤ؟

ج: پر نہیں، طاقتِ پرواز مگر رکھتی ہے

س: یہ شعر اقبال کی کس مشہور نظم کا پہلا شعر ہے؟

ج: ''جواب شکوہ'' نظم کا۔

س: علامہ اقبال نے نظم ''جوابِ شکوہ'' کے جن اشعار میں مسلمانوں کو اتحاد

کی تعلیم دی ہے۔ وہ اشعار بتاؤ؟

ج: منفعت ایک ہے اس قوم کی، نقصان بھی ایک
ایک ہی سب کا نبیؐ، دین بھی، ایمان بھی ایک
حرمِ پاک بھی، اللہ بھی، قرآن بھی ایک
کچھ بڑی بات تھی ہوتے جو مسلماں بھی ایک
فرقہ بندی ہے کہیں اور کہیں ذاتیں ہیں
کہ زمانے میں پنپنے کی یہی باتیں ہیں

س: ''اقبال اور مشاہیر کشمیر'' کس کی تصنیف ہے؟

ج: کلیم اختر کی۔

س: ''مسائل تصوف اور اقبال'' کس مشہور ماہر اقبال کی کتاب ہے؟

ج: پروفیسر بشیر احمد نحوی صاحب کی۔

س: ''آہ یہ قوم نجیب و چرب دست و تر دماغ'' اس مصرعہ میں کس قوم کی طرف اشارہ ہے؟

ج: کشمیری قوم کی طرف۔

س: ''اقبال...افکار و احوال'' کے مصنف کا نام بتاؤ؟

ج: پروفیسر بشیر احمد نحوی صاحب کی۔

س: کسی مشہور ہندو شاعر اور ماہر اقبال کا نام بتاؤ؟

ج: پروفیسر جگن ناتھ آزاد۔

س: مرحوم جگن ناتھ آزاد کی صرف تین اقبالیاتی کتب کے نام بتاؤ؟

ج: ۱) اقبال اور اس کا عہد۔ ۲) اقبال اور مغربی مفکرین

۳) Iqbal Mind and Art

س: ''تُو اپنی سرنوشت اپنے قلم سے لکھ'' کا دوسرا مصرعہ بتاؤ؟

ج: خالی رکھی ہے خامۂ حق نے تیری جبیں۔

س: ''قہاری وغفاری وقدوسی وجبروت'' اس کا دوسرا مصرعہ بتاؤ؟

ج: یہ چار عناصر ہوں تو بنتا ہے مسلمان۔

س: ''ارمغان حجاز اُردو کا حال ہی میں کشمیری شرح ہوا ہے۔ یہ شرح کس عنوان سے ہوا ہے؟

ج: ''سوغاتِ حجاز'' کے عنوان سے۔

س: شارح کا نام بھی بتاؤ؟

ج: مولوی اسد اللہ دار

س: علامہ اقبال کو کئی خطابات دے گئے صرف تین خطابات کا نام بتاؤ؟

ج: شاعرِ مشرق، ترجمانِ اسلام، حکیم الامت۔

س: کسی مشہور انگریزی ماہر اقبالیات کا نام بتاؤ؟

ج: پروفیسر این میری شمل۔

س: ان کی کسی ایک کتاب کا نام بتاؤ؟

ج: Gabrial Wing

س: پروفیسر این میری شمل نے علامہ اقبال کی کونسی کتابیں ترجمہ کی ہیں؟

ج: بالِ جبریل، جاوید نامہ، پیامِ مشرق۔

س: آبِ رواں کبیرا تیرے کنارے کوئی
دیکھ رہا ہے کسی اور زمانے کا خواب

اس شعر میں لفظ ''کبیر'' سے کیا مراد ہے؟

ج: اس شعر میں ''کبیر'' قرطبہ کے مشہور دریا الکبیر کی طرف اشارہ ہے۔

س: ''اقبال درونِ خانہ'' کس کی کتاب ہے؟

ج: خالد نظیر صوفی کی۔

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں انہوں نے یورپ کو فردوس کے مانند بتایا ہو؟

ج: فردوس جو تیرا ہے کسی نے نہیں دیکھا
افرنگ کا ہر قریہ ہے فردوس کے مانند

س: علامہ اقبال کی ایک نظم ''شکریہ'' صنف کے لحاظ سے کیا ہے؟

ج: قصیدہ۔

س: علامہ اقبال نے یہ قصیدہ کس کی شان میں لکھا ہے؟

ج: مہاراجہ سر کشن پرشاد کی شان میں۔

س: ''اسلام ترا دیش ہے تو مصطفوی ہے'' کا دوسرا مصرعہ بتاؤ؟

ج: ''بازو ترا توحید کی طاقت سے قوی ہے''۔

س: علامہ اقبال کے اُس رسالہ کا نام بتاؤ جو انہوں نے ردِ احمدیت پر لکھا ہے؟

ج: اسلام اور احمدی ازم۔

س: ''اقبال اور محبت رسول'' کس کی تصنیف ہے؟

ج: محمد طاہر فاروقی کی۔

س: ''میں اپنا کام ختم کر چکا ہوں'' علامہ اقبال نے یہ جملہ کب کہا تھا؟

ج: برما کے مسلمانوں کی طرف سے عمر کی درازی کی دعاؤں سے بھرا خط موصول ہونے پر۔

س: ''میں موت سے خوفزدہ نہیں ہوں'' علامہ اقبال نے آخری ایام میں یہ جملہ کس کو کہا تھا؟

ج: اپنے بڑے بھائی شیخ عطا محمد کو۔

س: علامہ اقبال کی زندگی میں ہی اُن کے افکار کو کیا نام دیا گیا تھا؟

ج: اقبالیات۔

س: ۲۵ر دسمبر ۱۹۷۶ء میں قائدِ اعظم کے صد سالہ جشن ولایت کے موقعے پر محکمہ ڈاک نے یادگاری ٹکٹ جاری کیا۔ اس ٹکٹ پر علامہ اقبال کا کونسا شعر چھپا ہوا تھا؟

ج: فرد قائم ربطِ ملت سے ہے تنہا کچھ نہیں
موج ہے دریا میں بیرونِ دریا کچھ نہیں

س: پاکستان کے محکمۂ ڈاک نے کب علامہ اقبال کے یادگاری ٹکٹ جاری کیے تھے؟

ج: ۲۱ر اپریل ۱۹۵۸ء کو۔

س: محکمہ ڈاک نے کتنے ٹکٹ جاری کیے تھے؟

ج: تین ٹکٹ۔

س: ان ٹکٹوں پر اقبال کے فارسی شعر کا کونسا مصرعہ چھپا تھا؟

ج: ''معمار حرم باز بہ تعمیر جہاں خیز''۔

س: علامہ اقبال کی تصویر والا ٹکٹ کس سن میں جاری ہوا؟

ج: ۲۱ر اپریل ۱۹۶۷ء کو۔

س: اس ٹکٹ پر علامہ اقبال کا کون سا شعر لکھا ہوا تھا؟

ج. نغمہ کجا و من کجا ساز سخن بہانہ ایست
سوئے قطار می کشم ناقہ بے زمام را

س: علامہ اقبال کے دورانِ جوانی کے تین دوستوں کا نام بتاؤ؟

ج: سر عبدالقادر، سر محمد ذوالفقار علی خان اور سر شہاب الدین۔

س: علامہ اقبال بی۔اے کے امتحان میں کس مضمون میں اول آئے تھے؟

ج: عربی اور انگریزی مضمون میں۔

س: علامہ اقبال نے ایک نامور قلمکار کے تعاون سے اُردو سیلبس ترتیب دیا تھا اُس اُردو سیلبس کا کیا نام تھا؟

ج: سلسلۂ ادبیہ۔

س: یہ سیلبس کس کس جماعت کے لیے ترتیب دیا گیا تھا؟

ج: چھٹی، ساتویں اور آٹھویں جماعت کے لیے۔

س: علامہ اقبال نے آئینۂ ادب کے نام سے ایک فارسی کتاب مرتب کی تھی وہ کس کلاس کے لیے منظور تھی؟

ج: دسویں جماعت کے لیے۔

س: پروفیسر لالہ رام کے تعاون سے علامہ اقبال نے کونسی کتاب ترتیب دی تھی؟

ج: تاریخ ہند۔

س: ''مثنوی اسرارِ خودی غور وفکر کرنے کی نعمت عطا کرتی ہے''۔ یہ رائے اقبال کے کس یورپی اُستاد کی ہے؟

ج: پروفیسر میک ٹیگرٹ کی رائے۔

س: ''علامہ اقبال میں پوشیدہ جوہر ہیں۔ جو ضرور چمکیں گے'' اقبال کے بارے میں اُن کے کس یورپی اُستاد نے کہا ہے؟

ج: پروفیسر سارلے نے۔

س: علامہ اقبال نے شاعری ترک کرنے کا ارادہ کیا تھا تو کس کے کہنے پر

انہیں اپنا ارادہ بدلنے پڑا؟

ج: پروفیسر آرنلڈ کے کہنے پر۔

س: علامہ اقبال کو علی گڑھ یونیورسٹی میں پروفیسری کی پیشکش کی گی تھی لیکن انہوں نے یہ پیشکش قبول نہیں کی اس کی کیا وجہ تھی؟

ج: علامہ اقبال وکالت میں اپنا نام کمانا چاہتے تھے۔

س: پروفیسری کی ملازمت کو ٹھکرانے کی ایک اور وجہ کیا تھی؟

ج: علامہ اقبال ملازمت کی قید سے آزاد رہنا چاہتے تھے۔

س: جب علامہ اقبال پیرس گئے تو انہوں نے وہاں کے ایک بہت بڑے فلسفی کے ساتھ ملاقات کی اُس فلسفی کا نام بتاؤ؟

ج: برگساں۔

س: ''سید السادات، سالارِ عجم۔ دست او معمارِ تقدیرِ امم''
اس شعر میں علامہ اقبال نے کس کی تعریف کی ہے؟

ج: سید علی ہمدانی کی تعریف۔

س: جاوید نامہ کے خیالی سفر میں علامہ اقبال اور شاہ ہمدان کے درمیان بات چیت کے موضوعات کیا ہیں؟

ج: مسلمانوں کی عظمتِ شہادت اور عبدی زندگی۔

س: علامہ اقبال کی شاعری کرنے کا اصل مقصد کیا تھا؟

ج: احیائے اسلام۔

س: اقبال کی ایک نظم ''پہاڑ اور گلہری'' کا آخری شعر بتاؤ؟

ج: نہیں ہے چیز نکمی کوئی زمانے میں
کوئی بُرا نہیں قدرت کے کارخانے میں

س: ”ہے یاد مجھے نکتۂ مسلمانِ خوش آہنگ
دنیا نہیں مردانِ جفاکش کے لیے تنگ“
اس شعر میں مسلمان خوش آہنگ کس کے لیے استعمال ہوا ہے؟

ج: ایرانی شاعر سعد سلمان کے لیے۔

س: بال جبریل کی ایک نظم ”پنجاب کے پیرزادوں سے“ ہے اس کا کوئی ایک شعر بتاؤ؟

ج: گردن نہ جھکی جس کی جہانگیر کے آگے
جس کے نفس گرم سے ہے گرمیٔ احرار

س: بال جبریل کی ایک نظم ”گدائی“ ہے۔ یہ فارسی کے کس شاعر سے ماخوذ ہے؟

ج: انوری سے۔

س: نظم ”گدائی“ کا کوئی ایک شعر بتاؤ؟

ج: ”مانگنے والا گدا صدقہ مانگے یا خراج
کوئی مانے یا نہ مانے، میر و سلطان سب گدا“

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں لفظ ”قلندر“ استعمال ہوا؟

ج: پانی پانی کر گئی مجھ کو قلندر کی یہ بات
تو جھکا جب غیر کے آگے نہ تن تیرا نہ من

س: ”جمہوریت“ لفظ پر اقبال کا کوئی شعر بتاؤ؟

ج: جمہوریت اک طرزِ حکومت ہے جس میں
بندوں کو گنا کرتے ہیں تولا نہیں کرتے

س: کوئی سے دو شعر بتاؤ جو علامہ اقبال نے بھوپال کے شیش محل میں لکھے ہوں؟

ج: یہ سحر جو کبھی فردا ہے کبھی امروز
نہیں معلوم کہ ہوتی ہے کہاں سے پیدا
وہ سحر جس سے لرزتا ہے شبستاں وجود
ہوتی ہے بندۂ مومن کی اذاں سے پیدا

س: ''شبستانِ وجود'' کے عنوان سے کشمیر کے ایک مشہور صحافی نے آپ بیتی لکھی ہے۔ اُس صحافی کا نام بتاؤ؟

ج: مقبول ساحلؔ۔

س: مثنوی پس چہ باید کرد کے اشعار کی کل تعدد کتنی ہے؟

ج: ۱۵۳۱ اشعار۔

س: ''نیست پیغمبر ولیکن در بغل دارد کتاب''
اس مصرعہ میں علامہ اقبال نے کس کی طرف اشارہ کیا ہے؟

ج: کارل مارکس کی طرف۔

س: ''دارا و سکندر سے وہ مردِ فقیر اولیٰ'' مصرعۂ ثانی بتاؤ؟

ج: ہو جس کی فقیری میں بوئے اسد اللٰہی۔

س: چمک اُٹھا جو ستارہ ترے مقدر کا
حبش سے تجھ کو اٹھا کر حجاز میں لایا
اس شعر میں ''ترے اور تجھ کو'' کس صحابیؓ کی طرف اشارہ ہے؟

ج: حضرت بلالؓ کی طرف۔

س: پروانے کو چراغ ہے بلبل کو پھول بس
صدیقؓ کے لیے خدا کا رسول بس
یہ شعر اقبال کی کس نظم کا ہے؟

ج: ''صدیقؓ'' نظم کا۔

س: نظم ''صدیق'' میں علامہ اقبال نے کون سا واقعہ بیان کیا ہے؟

ج: جنگ یرموک میں حضرت عمرؓ کا نصف مال حضورؐ کی خدمت میں پیش کرنا اور حضرت ابوبکر صدیقؓ کا سارا مال دینے کا واقعہ۔

س: بانگ درا میں حضرت بلالؓ پر کتنی نظمیں شامل ہیں؟

ج: دو نظمیں۔

س: ''فردوس میں ایک مکالمہ'' نظم کا دوسرا شعر فارسی میں ہے آپ کو یہ بتانا ہے کہ یہ کس مشہور فارسی شاعر کا شعر ہے؟

ج: شیخ سعدیؒ کا۔

س: بانگ درا کی ایک نظم ''اسیری'' ہے اس نظم کا آخری شعر فارسی میں ہے بتاؤ یہ شعر دراصل کس کا ہے؟

ج: حافظ شیرازی کا۔

س: بانگ درا کی ایک نظم ''ہمایوں'' ہے۔ کیا یہ مغل خاندان کا ایک مشہور بادشاہ ہمایوں ہے یا اور کوئی؟

ج: یہ پنجاب کا ایک مشہور شاعر میاں محمد شاہ دین ہے۔

س: ''ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لیے'' کا دوسرا مصرعہ بتاؤ؟

ج: ''نیل کے ساحل سے لے کر تا بخاکِ کاشغر''۔

س: نظم ''خضرِ راہ'' میں کل کتنے ذیلی عنوان قائم کیے گئے ہیں؟

ج: پانچ۔

س: اس نظم کے ذیلی عنوانات کا نام بتاؤ؟

ج: شاعر، جوابِ خضر، زندگی، سلطنت، سرمایہ و محنت۔

س. ہوا ہے گو تُند و تیز لیکن چراغ اپنا جلا رہا ہے
وہ مردِ درویش جس کو حق نے دیے ہیں اندازِ خسروانہ
اس شعر میں ''مردِ درویش'' سے کون مراد ہیں

ج: خود علامہ اقبال۔

س: وہ میرا یوسفِ ثانی، وہ شمعِ محفلِ عشق
ہوئی ہے جس کی اخوت قدرِ جاں مجھ کو
علامہ اقبال کے اس شعر میں کس کی طرف اشارہ ہے؟

ج: اُس کے بھائی شیخ عطا محمد کی طرف۔

س: یہ شعر علامہ اقبال کی کس نظم کا ہے؟

ج: ''التجائے مسافر'' نظم کا۔

س: یہ نظم علامہ اقبال کے کس مجموعۂ کلام میں ہے؟

ج: بانگِ درا میں۔

س: علامہ اقبال کا یورپ میں تعلیمی سفر کا خرچہ کس نے برداشت کیا؟

ج: اُس کے بھائی شیخ عطا محمد نے۔

س: کس کے کہنے پر علامہ اقبال نے شاہ بوعلی قلندر پر فارسی میں چند اشعار لکھے؟

ج: اپنے والد صاحب شیخ نور محمد کے کہنے پر۔

س: یہ اشعار علامہ اقبال کے کس مجموعہ میں شامل ہیں؟

ج: اسرارِ خودی میں۔

س: ''اگرچہ اقبال میرا شاگرد ہے لیکن میں اُس کی تحریروں سے بہت کچھ سیکھتا ہوں میں اُن کا پروفیسر تھا.... پڑھاتے پڑھاتے خود سیکھتا چلا گیا''۔ اقبال کے بارے میں یہ جملہ اُن کے کس اُستاد نے کہا ہے؟

ج: پروفیسر آرنلڈ نے۔

س: علامہ اقبال کس امتحان کے طبی معائنے میں ملازمت کے لیے نا اہل قرار دیئے گئے تھے؟

ج: اسسٹنٹ کمشنری کے امتحان میں۔

س: علامہ اقبال نے ''علم الاقتصاد'' کے دیباچے میں اپنے کس ہندو اُستاد کا شکریہ ادا کیا ہے؟

ج: جناب لالہ جیارام کا۔

س: اندھیرا صمد کا مکاں ہو گیا
وہ خورشید روشن نہاں ہو گیا
غضب ہے غلام حسن کا فراق
کہ جینا صمد کو گراں ہوگیا

ان اشعار میں ''صمد'' سے کون مراد ہے؟

ج: خواجہ عبدالصمد ککرو جنہیں اقبال کے ساتھ اچھے اور گہرے تعلقات تھے۔

س: دوسرے شعر میں ''غلام حسن'' سے کون مراد ہے؟

ج: خواجہ عبدالصمد کے بیٹے جو جوانی میں ہی فوت ہو گئے۔

س: علامہ اقبال نے یہ اشعار کب کہے؟

ج: جب غلام حسن کا انتقال ہوا تو علامہ اقبال نے سولہ اشعار پر مشتمل مرثیہ کہا بعد میں یہ اشعار رسالہ ''مخزن'' میں بھی شائع ہوئے؟

س: ''فلسفۂ عجم'' علامہ اقبال کی کس انگریزی کتاب کا اُردو ترجمہ ہے؟

ج: "The Developemnt of Meta Physics in Persia" کتاب کا۔

س: یہ ترجمہ کس نے کیا ہے؟

ج: میر حسن الدین نے۔

س: اس ترجمہ کی اشاعت پہلی دفعہ کب ہوئی؟

ج: ۱۹۳۶ء میں۔

س: "روزگار فقیر" کے مصنف فقیر سید وحید الدین نے اس کتاب کا انتساب کس کے نام کیا ہے؟

ج: علامہ اقبال کے نام۔

س: انتساب کا عنوان کیا ہے؟

ج: "شاعرِ مشرق کے نام"۔

س: علامہ اقبال کے والد صاحب شیخ نور محمد کو "ان پڑھ فلسفی" کس نے خطاب دیا تھا؟

ج: علامہ اقبال کے مشہور اُستاد مولانا سید میر حسن نے۔

س: علامہ اقبال نے اپنے کس شعر کا صحیح مفہوم بیان کرنے پر بیگم راس مسعود کو "بال جبریل" کا ایک نسخہ تحفہ میں دے دیا؟

ج: یہ مصرعہ لکھ دیا کس شوخ نے محرابِ مسجد پر
یہ ناداں گر گئے سجدے میں جب وقتِ قیام آیا

س: جب سر سید احمد خان کی وفات ہوئی تو علامہ اقبال نے قرآن پاک کی کس آیت سے تاریخ نکالی؟

ج: "انّی متوفّیک ورافعک التی ومطهرک" (۱۳۱۵ھ)

س: "اقبال کا ذہنی ارتقا" کس کی تصنیف ہے؟

ج: ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار کی۔

س: مرا وہ یار بھی معشوق بھی برادر بھی
که جس کے عشق سے جنت ہے یہ جہاں مجھ کو
اس شعر میں اقبال کا اشارہ کس کی طرف ہے؟

ج: اپنے بھائی شیخ عطا محمد کی طرف۔

س: ''کلیات باقیاتِ شعر اقبال (متروک اُردو کلام) کے مرتب کا نام بتاؤ؟

ج: ڈاکٹر صابر کلوروی۔

س: ''اقبال درونِ خانہ'' کے مصنف کا نام بتاؤ؟

ج: خالد نظیر صوفی۔

س: علامہ اقبال کا ابتدائی کلام ۱۹۰۷ء تک کن رسالوں اور اخباروں میں چھپتا تھا صرف چند کا نام بتاؤ؟

ج: مخزن، کشمیر گزٹ، وطن اخبار وغیرہ۔

س: ہم پوچھتے ہیں شیخ کلیسا نواز سے
مشرق میں جنگ شر ہے تو مغرب میں بھی ہے شر
اس شعر میں ''شیخ کلیسا نواز'' سے کون مراد ہے؟

ج: غلام احمد قادیانی۔

س: ''کلیاتِ مکاتیب اقبال'' کے مرتب کا نام بتاؤ؟

ج: مظفر برنی۔

س: اُردو کے مشہور نقاد کلیم الدین احمد نے علامہ اقبال پر ایک کتاب لکھی ہے کس کتاب کا نام بتاؤ؟

ج: اقبال...ایک مطالعہ

س: علامہ اقبال کس کی دعوت پر افغانستان تشریف لے گئے تھے؟

ج: نادر شاہ کی دعوت پر۔

س: مثنوی ''مسافر'' میں علامہ اقبال نے کن مشہور ہستیوں کے مزار پر حاضری کا حال لکھا ہے؟

ج: بابر، حکیم سنائی، محمود غزنوی، احمد شاہ ابدالی۔

س: علامہ اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس میں انہوں نے لفظ ''سلطنت'' استعمال کیا ہو؟

ج: نہیں فقر و سلطنت میں کوئی امتیاز ایسا
یہ سپہ کی تیغ بازی وہ نگہ کی تیغ بازی

س: ''بازو تیرا توحید کی قوت سے قوی ہے'' کا دوسرا مصرعہ بتاؤ؟

ج: اسلام تیرا دیش ہے تو مصطفوی ہے۔

س: ''معاصر اسلامی تحریکات اور فکرِ اقبال'' کس کی تصنیف ہے؟

ج: ڈاکٹر شجاع الدین فاروقی کی۔

س: تیسری گول میز کانفرنس کے اختتام پر علامہ اقبال کس ملک میں تشریف لے گئے تھے؟

ج: فرانس (پیرس) میں۔

س: ''میں کوئی پیغمبر نہیں ہوں محض شاعر ہوں، جب مجھ پر شعر کہنے کی کیفیت طاری ہوتی ہے تو مجھ پر بنے بنائے اور ڈھلے ڈھلائے شعر اُترنے لگتے ہیں'' یہ الفاظ اقبال نے کس شخص سے کہے تھے؟

ج: ڈاکٹر لوکس سے۔

س: ''اقبال کا تخلیق شعور'' کشمیر کے کس مشہور شاعر اور نقاد کی تصنیف ہے؟

ج: پروفیسر حامدی کاشمیری کی۔

س: جب علامہ اقبال کا انتقال ہوا تو فوقؔ نے اپنے ایک شعر میں اُسے پیغمبر دینِ خودی اور چراغِ محفلِ ہندوستان بتایا۔ آپ پورا شعر بتایئے؟

ج: یا اُسے سمجھا تھا میں پیغمبرِ دینِ خودی
یا چراغِ محفلِ ہندوستان سمجھا تھا میں

س: "ترک کردی تھی غزل خوانی مگر اقبال نے
یہ غزل لکھی ہمایوں کو سنانے کے لیے"
اس شعر میں "ہمایوں" سے کون مراد ہے؟

ج: علامہ اقبال کے ایک دوست میاں شاہ دین بڑے کامیاب وکیل اور شاعر تھے۔ ہمایوں تخلص تھا۔

س: "در دیدۂ معنی نگران حضرت اقبال
پیغمبری کرد و پیمبر نتواں گفت"
یہ شعر علامہ اقبال کے متعلق کس نے کہا ہے؟

ج: مولانا غلام قادر گرامی۔

س: علامہ اقبال کے کسی ایک ہندو دوست کا نام بتاؤ؟

ج: سوامی رام تیرتھ۔

س: "ہم بغل دریا سے ہے اے قطرۂ بیتاب تو
پہلے گوہر تھا بنا اب گوہرِ نایاب تو"
علامہ اقبال نے یہ شعر کس کے متعلق لکھا ہے؟

ج: سوامی رام تیرتھ کے متعلق۔

س: انجمن حمایت اسلام کے ۱۹۰۴ء کے جلسے میں جب علامہ اقبال نے حالیؔ کا کلام اپنی آواز میں سامعین کو سنایا تو اس سے پہلے کون سے

اشعار حالی کی تعریف میں پڑھے؟

ج: ''مشہور زمانے میں ہے نامِ حالی
معمور مئے حق سے ہے جامِ حالی
میں کشورِ شعر کا نبی ہوں گویا
نازل ہے مرے لب پہ کلامِ حالی

س: ''مجھ کو یہ شخص (اقبال) ٹیگور اور شیکسپیئر سے کئی ہزار فٹ اونچا نظر آتا ہے''۔ اقبال کے متعلق یہ الفاظ کس نے کہے ہیں؟

ج: خواجہ حسن نظامی نے۔

س: داغ دہلوی کا مرثیہ کہتے ہوئے علامہ اقبال امیر مینائی کو نہیں بھولے۔ وہ شعر بتائے جس میں انہوں نے امیر مینائی کا ذکر کیا ہے؟

ج: توڑ ڈالی موت نے غربت میں مینائے امیر
چشمِ محفل میں ہے اب تک کیفِ صہبائے امیر

س: علامہ اقبال نے امیر مینائی کے متعلق کونسی تاریخ کہی ہے؟

ج: 'لسان صدق فی الآخرین'

س: علامہ اقبال کی کونسی نظم سننے کے بعد خواجہ حسن نظامی نے انجمن حمایت اسلام کے سالانہ جلسے میں اُن کے سر پر اپنا عمامہ رکھتے ہوئے کہا
تمہارے جامِ مے کی نذر میری پارسائی ہو

ج: تصویر درد۔

س: علامہ اقبال نے کب انجمن حمایت اسلام کا جنرل سیکریٹری کا عہدہ قبول کیا؟

ج: ۳۱ مارچ ۱۹۲۰ء کو۔

س: علامہ اقبال کب انجمن حمایت اسلام کے صدر منتخب ہوئے؟

ج: جون ۱۹۳۴ء میں

س: علامہ اقبال نے کس کے کہنے پر داغ دہلوی کی شاگردی اختیار کی؟

ج: میر حسن کے کہنے پر۔

س: اقبال کا کوئی ایسا شعر بتاؤ جس سے حالی کے تئیں ان کی عقیدت ظاہر ہوتی ہے؟

ج: طوافِ مرقدِ حالی سزد اربابِ معنی را
نوائے او بجانہا افگند شورے کہ من دانم

س: علامہ اقبال کا انتقال کب ہوا؟

ج: ۲۱ر اپریل ۱۹۳۸ء کو۔

س: فرمان فتح پوری نے کس عنوان سے علامہ اقبال کے فکر وفن پر کتاب لکھی ہے؟

ج: اقبال سب کے لیے۔

س: ''اقبال اور آزادی ہند'' کے مصنف کا نام بتاؤ؟

ج: عمر حیات خان غوری۔

OOO

Price	Qnty.	Author	Title	S.No.
150		سید محمد مقبول قاسمی	شانِ نورِ محمدی ﷺ	
300		[illegible] حامدی کاشمیری	غالب جہان دیگر	
700		[illegible] حامدی کاشمیری	اردو نظم کی دریافت [illegible]	
150		مترجم جاوید ماجی	گراوت جواب گراو	
250		ڈاکٹر مشتاق احمد گنائی	نالۂ نیم شب	
250		دیپک بدکی	زیبرا کراسنگ پر کھڑا آدمی	
350		دیپک بدکی	عصری تحریریں (تبصرے و تنقیدی مضامین جلد اول)	
350		دیپک بدکی	عصری شعور (تبصرے و تنقیدی مضامین جلد دوم)	
100		ڈاکٹر زور کاشمیری	[illegible] لندن کی ایک رات	
250		جاوید ماجی	سوچ بس سوچ	
550		ڈاکٹر محمد سعید قادری	کشمیر میں تصوف و ریشیت کے تناظر میں	
350		ڈاکٹر عزیز حاجنی	دنیا کی سیر	
300		ڈاکٹر مشعل سلطانپوری	تعلیمات اقبال	
200		نور شاہ	بند کمرے کی کھڑکی	
200		سیدہ نکہت فاروق	تیرے لیے آسمان کا	
250		ڈاکٹر میر حسام الدین	ارمغان وادی	
200		نور شاہ	کہاں گئے یہ لوگ	
300		ڈاکٹر نصیر احمد	پروفیسر مرغوب بانہالی (بحیثیت اقبال شناس)	
450		مقبول ساحل	شبستان وجود ([illegible] سرگزشت)	
400		ڈاکٹر دل افروز ججو	حسرت چغتائی	
400		ڈاکٹر بدر الدین بٹ	جامعہ کشمیر اور اقبالیات	
300		مترجم ڈاکٹر محمد جعفر احراری	نقد شعر	
300		ڈاکٹر بشیر احمد نحوی	اقبالیات ۱۹	
400		ڈاکٹر سید بشیر احمد بخاری	کلام اقبال کے اعلام و مشاہیر	
350		جسٹس علی محمد میر	تصوف کے خدوخال	
250		نور شاہ	آسمان پھول اور لہو	
30[illegible]		جاوید اقبال شاہ	دیپک بدکی کی افسانہ نگاری	